اُردو کا گلدستہ
خصوصی اِشاعت

رہنمائے اساتذہ

# گُلاب

نرسری کے لیے



فوزیہ احسان فاروقی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ اُردو کا گلدستہ (خصوصی اِشاعت) سلسلے کی کتاب ''گلاب ''(نرسری) کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب میں یکساں قومی نصاب ۲۰۲۰ء کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ابتدائے بچپن کی تعلیم (Early Childhood Care and Education) کے تمام کلیدی پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔اُردو کا گلدستہ کی مددگار کتب 'غبارے(اُردو مطالعاتی سلسلہ)'، 'پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل)' اور 'اُردو خُوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل)' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اوّل سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبہ کی قبل از پڑھائی (pre-reading) اور قبل از لکھائی (pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب طلبہ کے و مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبہ علامتیں ، ہندسے ، اشارے اور نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اور نظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

اس عمر میں طلبہ کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوششیں کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگرمنظم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

یہ رہنمائے اساتذہ منصوبۂ اسباق، مشقوں اورسرگرمیوں کی وضاحت، زبان سکھانے کے عمل کی وسعت اور بہتری کے لیے تجاویز، تختۂ نرم کے نمونوں، کٹ آؤٹس کی ڈرائینگز(drawings)، جانچ کے طریقوں اور مددگار مواد کے استعمال کے طریقوں پر مشتمل ہیں۔

امید ہے کہ یہ رہنمائے اساتذہ ، اساتذۂ کرام کے لیے بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبہ کی پڑھنے، لکھنے، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ ان شاء اللہ

فوزیہ احسان فاروقی

# فہرست


مقاصد برائے گلاب ........ v
عمومی ہدایات برائے اساتذہ ........ vi
تختۂ نرم کی تجاویز ........ vii
خصوصی ہدایات برائے اساتذہ ........ viii

## یونٹ ۱
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۳
پہلا اور دوسرا ہفتہ ........ ۴
تیسرا ہفتہ ........ ۹
چوتھا ہفتہ ........ ۱۲
پانچواں اور چھٹا ہفتہ ........ ۱۴
ساتواں ہفتہ ........ ۱۸

## یونٹ ۲
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۲۱
پہلا ہفتہ ........ ۲۲
دوسرا ہفتہ ........ ۲۴
تیسرا ہفتہ ........ ۲۷
چوتھا ہفتہ ........ ۳۰
پانچواں ہفتہ ........ ۳۳

## یونٹ ۳
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۳۶
پہلا ہفتہ ........ ۳۷
دوسرا ہفتہ ........ ۴۱
تیسرا ہفتہ ........ ۴۴
چوتھا ہفتہ ........ ۴۶
پانچواں ہفتہ ........ ۴۸
چھٹا ہفتہ ........ ۵۰

## یونٹ ۴
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۵۲
پہلا اور دوسرا ہفتہ ........ ۵۳
تیسرا ہفتہ ........ ۵۷
چوتھا ہفتہ ........ ۶۱
پانچواں اور چھٹا ہفتہ ........ ۶۴

## یونٹ ۵
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۶۶
پہلا اور دوسرا ہفتہ ........ ۶۷
تیسرا ہفتہ ........ ۷۱
چوتھا ہفتہ ........ ۷۳
پانچواں ہفتہ ........ ۷۶
چھٹا ہفتہ ........ ۷۸

## یونٹ ۶
یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........ ۸۱
پہلا ہفتہ ........ ۸۲
دوسرا ہفتہ ........ ۸۵
تیسرا ہفتہ ........ ۹۰
چوتھا ہفتہ ........ ۹۳
پانچواں ہفتہ ........ ۹۵
چھٹا ہفتہ ........ ۹۷
گتّے کے تراشوں کے خاکے (کٹ آؤٹس) ........ ۱۰۰
بچّوں کے کام کے نمونے ........ ۱۰۳

# مقاصد برائے گُلاب

## سننا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے نام سننا اور پہچاننا ، شروع اور آخر کی آواز پر توجّہ دے کر پہچاننا۔ ہدایات غور سے سُن کر سمجھنا۔ کہانیاں ، نظمیں ، واقعات ، پہیلیاں ، لطائف سُن کر محظوظ ہونا۔

## بولنا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام دُہرانا۔ کہانیاں ،نظمیں ، واقعات سُن کر دُہرانا ،حروف ، مصوّتوں اور الفاظ کی ادائیگی کرنا۔


## پڑھنا

- تصاویر بغور دیکھنا ،حروف پہچاننا۔ بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ پہچاننا۔

## لکھنا

- ریت ، ہوا ، میز اور ریتیلے کاغذ (Sand paper) پر دو انگلیوں کو اور پھر ایک انگلی کو درست سمت میں پھیرنا سیکھ سکیں۔
- چاک ، کریون اور پنسل پر گرفت کرنا سیکھ سکیں۔ خاکوں میں درست طریقے سے رنگ بھرنے کی کوشش کر سکیں۔
- دیے گئے بڑے حروف میں درست طریقے سے درست سمت میں کریون / پنسل پھیر سکیں۔
- عمودی ، ترچھی ، افقی ، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں لکیریں بنانا ،حروف درست بناوٹ سے لکھنا۔

## تخلیقی لکھائی کی تیاری



- حروف ، الفاظ ،سنی گئی کہانیوں اورنظموں کے متعلق تصویری اظہار کرنا۔

## تجویز کردہ معاون کتب:

- قاعدہ پڑھیے اورسیکھیے (حصّہ اوّل) برائے ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجّی
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- غبّارے (معاون کتاب)


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## عمومی ہدایات برائے اساتذہ

- استعمال کی جانے والی کتب کا پہلے خود اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ (خصوصی طور پر رہنمائے اساتذہ)
- کتب میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ بغور پڑھیے۔
- مددگار مواد مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس) کھلونے، حقیقی اشیا، ورک شیٹس وغیرہ پہلے سے تیار رکھیے۔
- بچّوں کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے مختلف حکمت عملیاں اختیار کیجیے۔ مثلاً موزے کی پتلی ہاتھ پر چڑھا کر آواز بدل کر کہنا، خوش آمدید کیسے ہیں آپ؟
- اپنی منصوبہ بندی میں نظمیں کہانیاں شامل رکھیے۔
- طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔
- جماعت شروع کرتے ہوئے گزشتہ کاموں کا اعادہ ضرور کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر حروفِ تہجّی، جلی حروف (Hollow words) میں اتنی اونچائی پر لکھیے کہ بچّوں کا ہاتھ بآسانی پھروایا جا سکے۔

نوٹ: کام کی نوعیت اور بچّوں کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیشِ نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔


- سال کے شروع میں ننھّے طلبہ کو ماحول، استاد اور روز مرہ کے معمولات سے مانوس ہونے کے لیے وقت درکار ہوتا ہے جبکہ سال کے آخر میں طلبہ و طالبات کے سیکھنے کا عمل بہت تیز ہوجاتا ہے۔ اسی نکتہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے یونٹ نمبر ۱ کی منصوبہ بندی میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ اساتذہ وقت کی تقسیم اپنے لحاظ سے کریں۔ تمام کام کروائے جانے ضروری ہیں لیکن طلبہ و طالبات کی صوابدید اور معیار کو دیکھتے ہوئے کاموں کا وقت مقرر کیجیے۔ اسی لیے پہلے یونٹ کی تقسیم ہفتہ وار کے بجائے دو ہفتے کی گئی ہے۔

یاد رہے کہ اس جماعت میں بچّے پڑھنے اور لکھنے کی تیاری کی مہارتیں (Pre-reading & pre-writing skills) حاصل کررہے ہیں۔ اس لیے اپنی توقعات یہی رکھیے کہ وہ حروف اور الفاظ کی شناخت کرسکیں اور لکھائی کے لیے تیار ہوسکیں۔

- کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع دیتے ہوئے اس کے بارے میں گفتگو ضرور کیجیے۔
- ہر صفحے کے فٹ نوٹس بغور پڑھیے اور انھیں اپنی تدریس میں مدِّنظر رکھیے۔
- کام شروع کرنے سے قبل طلبہ و طالبات کو خود Icon دیکھ کر ہدایت پہچاننے کی کوشش کرنے کی ترغیب دیجیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

## تختۂ نرم کی تجاویز:

## تختۂ نرم کا مثالی نمونہ




نوٹ: تختۂ نرم کا یہ ایک مثالی نمونہ ہے جو اساتذہ کو درسی کتاب 'گلاب' کے تمام یونٹوں کی پڑھائی (خصوصاً حروفِ تہجّی) کے لیے تختۂ نرم کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرے گا۔

# گلاب میں کام کا طریقۂ کار

کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ صفحے پر موجود تصویروں، حروف اور خاکوں کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دیکھیے | سنیے | پڑھیے | لکھیے | ملائیے |
| تصاویر بنائیے | پہچانیے | دائرہ بنائیے | نقطے لگائیے | رنگ بھریے |

- ان علامات کے (icons) کے فلیش کارڈز بنا کر روزانہ دکھائیے اور پڑھ کر بتائیے تا کہ بچّے ہدایات پہچاننا شروع کر سکیں۔
- کام شروع کروانے سے قبل بورڈ پر صفحہ ہوبہو بنائیے۔ (گلاب رہنمائے اساتذہ، صفحہ viii) ہر صفحے کی بڑی فوٹو کاپی استعمال کی جا سکتی ہے۔
- بڑے حروف میں رنگین چاک سے درست سمت میں لکھ کر دکھائیے۔ طلبہ و طالبات کو ہدایت دیجیے کہ وہ ہاتھ اُٹھا کر ہوا میں آپ کی طرح لکھیں۔
- چھوٹے حروف کی پہلی سطر بھی درست طریقے سے لکھ کر دکھائیے۔ اس دوران زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔

- لکھائی کا کام شروع کرتے وقت بڑے حروف میں مختلف رنگوں کی پنسلوں سے پانچ بار تیر کے نشان کی سمت میں لکھوائیے۔

- دی گئی تصاویر کے نام فٹ نوٹس سے پڑھ کر بتائیے اور مزید ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔

شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کی یاد دہانی اور پہچان کروائیے۔ تیر کے نشان کی سمت میں لکھنا سکھائیے۔





زبانی ہدایت کام کے دوران ضرور دُہراتے رہیے۔ سننے سے درست بناوٹ یاد رکھنے میں آسانی ہوتی ہے۔

سرگرمی: صفحے میں دی گئی سرگرمیوں کا کام تختۂ لکھائی پر ایک مثال دے کر سمجھائیے۔

- دیے گئے خاکوں میں عمدگی سے رنگ بھرنا سکھائیے تا کہ طلبہ و طالبات کی پنسل پر گرفت مضبوط ہو اور ہاتھوں کی حرکات پر قابو پا کر درست سمت میں لکھنا سیکھ سکیں۔

## صوتی طریقے سے سکھائے جانے والے حروف

مثال: فلیش کارڈ [ب] بے اس کا نام ہے اور آواز وہ جو لفظ بطخ کے شروع میں آتی ہے۔





## بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ

مثال: یہ الفاظ مکمل شکل میں طلبہ و طالبات کو یاد کروائیے۔

تصویری یادداشت (Photo Memory) میں محفوظ کروائیے۔


ہجّے یا آوازوں سے نہیں پڑھائیے۔ روزانہ لفظ کا فلیش کارڈ دکھانے سے طلبہ و طالبات پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔




## سکھانے کا طریقۂ کار

### تعارف ← مشق ← جانچ

- ہر یونٹ کے آخر میں دیے گئے جانچ کے یہ صفحات آپ کو طلبہ و طالبات کے معیار کو سمجھنے اور انفرادی طور پر ہر بچّے پر توجہ دینے میں مدد کے لیے ہیں۔



## خصوصی ہدایات برائے اساتذہ

حروف کے ہر خاندان کی جانچ کے بعد اس صفحے پر بچّوں سے ان کا اپنا جائزے کا اندراج دلچسپ انداز میں کروائیے۔
انفرادی طور پر پوچھیے بورڈ پر وضاحت کیجیے۔ اگر آپ کو بہت اچھی طرح یہ حرف آتا ہے تو ☺ بنائیے نہیں آتا تو ☹ بنائیے
کچھ مشکل ہوتی ہے تو 😐 بنائیے

ب ☺   پ 😐   ت ☺   ٹ ☺   ث ☹

تاریخ : ۲/۳/۲۰۲۰   دستخط ____________

## حروف کی پہچان

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب ☐ | ج ☐ | د ☐ | ر ☐ |
| پ ☐ | چ ☐ | ڈ ☐ | ڑ ☐ |
| ت ☐ | ح ☐ | ذ ☐ | ز ☐ |
| ٹ ☐ | خ ☐ | | ژ ☐ |
| ث ☐ | | | |
| تاریخ ____________ | تاریخ ____________ | تاریخ ____________ | تاریخ ____________ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س ☐ | ش ☐ | ع ☐ | غ ☐ | ل ☐ | ا ☐ |
| ص ☐ | ض ☐ | ف ☐ | ق ☐ | م ☐ | و ☐ |
| ط ☐ | ظ ☐ | ک ☐ | گ ☐ | ن ☐ | ی ☐ |
| | | | | ہ ☐ | ے ☐ |

تاریخ ____________   تاریخ ____________   تاریخ ____________   تاریخ ____________


| ’کلیاں‘ کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ | | ’گلاب‘ کا ذخیرۂ الفاظ | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| علی ☐ | السّلامُ علیکم ☐ | لال ☐ | کھاؤ ☐ | بولی ☐ | مجھے ☐ |
| زارا ☐ | وعلیکُم السّلام ☐ | دیکھو ☐ | بطخ ☐ | بولا ☐ | چاہیے ☐ |
| مانو ☐ | لو ☐ | ہے ☐ | قَیں قَیں ☐ | نہیں ☐ | کتاب ☐ |
| امّی ☐ | شکریہ ☐ | بھالُو ☐ | مُرغا ☐ | اللہ حافظ ☐ | گیند ☐ |
| نہیں ☐ | ابّو ☐ | کیا ☐ | ککڑوں کُوں ☐ | پیلا ☐ | کی ☐ |
| یہ ☐ | وہ ☐ | طوطا ☐ | بکری ☐ | کون ☐ | گڑیا ☐ |
| | | نیلا ☐ | مَیں مَیں ☐ | کہاں ☐ | کھیلیں ☐ |
| | | آؤ ☐ | گائے ☐ | ہیں ☐ | نے ☐ |
| | | کھانا ☐ | مُومُو ☐ | مانو ☐ | کہا ☐ |
| | | | | | شان ☐ |

حرف کی پہچان ہونے کے بعد آواز پر (✓) کیجیے اور حروف کے خاندان کی تکمیل کی تاریخ لکھیے۔
اپنے ریکارڈ رجسٹر پر ہر بچّے کے نام کے ساتھ یہ فہرست لگانا اور تاریخوں کے ساتھ اس پر ✓ ☒ ! لگاتے رہنا آپ کے لیے طلبہ و طالبات پر انفرادی توجہ دینا آسان کردے گا۔

تجویز کردہ معاون کتب

## قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل)




## تجویز کردہ معاون کتب

# اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل)




- icons کی طرف توجہ دلا کر ہدایت پڑھ کر بتائیے اور سمجھائیے۔
- شروع کے نقطے کی طرف توجہ دلا کر اس پر پنسل یا کریون رکھوا کر کام شروع کروائیے۔
- دیے گئے خاکوں میں اچھی طرح اندر کی طرف رنگ بھروانے کی مشق سے بچّوں کی ہاتھوں کی حرکت پر قابو پانے کی مشق ہوتی ہے۔
- تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کرکے کام کروائیے۔
- دیا گیا مقصد معلّمین / والدین کے لیے ہے۔

## معاون کتاب 'غبّارے'

### یونٹ نمبر۔ ۳ کہانی : دعوت

**برائے اساتذہ و والدین**

ذخیرۂ الفاظ : مانو ، بولی ، کون ، بکری ، مَیں مَیں ، بطخ ، قَیں قَیں ، مُرغا ، کُکڑوں کُوں ، گائے ، مُومُو ، بولا ، کھَٹ کھَٹ ، کھانا ، کھاؤ ۔


کہانی : مانو صاحبہ سوئیں تو خواب میں دیکھا کہ انھوں نے دعوت میں اپنے دوستوں کو بلایا ہے۔ انھوں نے بکری ، بطخ ، مُرغے اور گائے کو بلایا تھا۔ بکری اور گائے کے لیے گھاس ، بطخ اور مُرغے کے لیے دانہ منگا کر دسترخوان سجایا تھا۔ سب باری باری آئے۔ مانو نے بطخ کے پاؤں ، مُرغے کے پنجے ، بکری اور گائے کے کھُر پہچان کر انھیں اندر بلا لیا۔ گائے چونکہ بہت بڑی تھی وہ اندر نہ آسکی مانو نے اسے کھڑکی ہی میں سے گھاس دے دی۔ سب نے مزے سے اپنی پسندیدہ چیزیں کھائیں۔ سب کچھ بہت اچھا ہو رہا تھا لیکن پھر دروازہ بجا اور ایک بن بلایا مہمان یعنی کتّا اندر آ گیا ...... سب کا ڈر کے مارے بُرا حال ہو گیا ساری دعوت خراب ہو گئی ...... کتّے کے لیے کھانے کو کچھ نہیں تھا۔ وہ مانو ہی کی طرف بڑھا ...... اور مانو کی آنکھ کھل گئی۔

مرکزی خیال : دعوت کرنا ، اور دعوت قبول کرنا اچھی بات ہے۔ جانوروں کے نام اور ان کے پاؤں کھُروں، پنجوں نیز آوازوں کی پہچان۔
صوتیات: 'ذ' سے 'ژ' تک کے حروف اور ان کی آوازوں کی پہچان۔

زبانی گفتگو : کہانی کے صفحات پلٹ کر پوری کہانی ایک ساتھ سنائیں۔ کہانی میں تجسّس کے لیے کہانی کا اگلا صفحہ دکھائے بغیر پوچھیے یہ کس کے پاؤں ہیں۔ پہچانیں کون آیا ہے؟ مثلاً بکری کے کھُر دیکھ کر بچّے بتائیں کہ بکری آئی ہو گی۔ اگلا صفحہ دکھایئے جن بچّوں نے درست جواب دیا ہو انھیں شاباش دیجیے۔ جانوروں کی جسامت کے بارے میں بات کیجیے۔ گائے کتنی بڑی ہوتی ہے اور مُرغا، کتنا چھوٹا۔ دعوت کرنا اور کوئی بلائے تو دعوت قبول کرنا بہت اچھی بات ہے (دعوت کسے کہتے ہیں وضاحت کیجیے) بغیر بلائے نہیں جانا چاہیے۔ جانوروں کے پاؤں مختلف ہونے کی وجوہات بتایئے۔ بطخ کے پاؤں اسے پانی میں تیرنے میں مدد دیتے ہیں بکری اور گائے کے کھُر سخت زمین پر چلنے کے لیے جوتوں کی طرح کا کام کرتے ہیں۔ مُرغا اپنے پنجوں سے سخت زمین کرید کر دانہ ڈھونڈتا ہے اور یہ سب اللہ تعالیٰ کا کمال ہے۔

والدین اور اساتذہ کی مدد کے لیے دیے گئے صفحات۔




مقصد : مشاہدے کی صلاحیتوں کی نشوونما ، معلومات میں اضافہ۔

**سرگرمیاں :**

- جانوروں کے ماسک بنائیں بچّوں کو پہنا کر ڈراما (رول پلے) کروایئے۔ مختلف جانوروں کی آوازیں سکھایئے۔
- کھیل کھیلیے : کچھ بچّے جانوروں کے ناموں کے فلیش کارڈز پکڑیں اور کچھ تصاویر کے ، بچّے خود پڑھ کر جوڑے بنا کر کھڑے ہوں۔ درست جوڑا بننے پر تالیاں بجوایئے یا اشارہ دیجیے۔ اسی طرح آوازوں کے کارڈز کے ساتھ جانوروں کے ناموں کے کارڈز کے جوڑے بنوایئے۔

ہر کہانی کے بعد دی گئی مشقیں اور سرگرمیاں۔



گائے بولی، مُومُو...... مانو بولی، آؤ آؤ!

- بصری طریقۂ تدریس سے یہ الفاظ فلیش کارڈز پر لکھ کر بار بار دکھانے سے بچّوں کی یادداشت میں محفوظ ہو جاتے ہیں۔ بعد ازاں کتاب میں سامنے آنے پر وہ خود پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔ (ان الفاظ کے ہجّے نہیں کروایئے۔ پورا لفظ ایک تصویر کی صورت میں بچّے کی یادداشت میں محفوظ ہوتا ہے)

# یونٹ ۱

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : تصویروں اور معلّم / معلّمہ کی سنائی گئی نظم 'دُعا' ، نظم 'بلبلے' سُن کر لطف اندوز ہوسکیں۔ کہانی 'بندر اور ٹوپیاں' کا مرکزی خیال سمجھ سکیں ، کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔ تصویروں کے ذریعے بصری ذخیرۂ الفاظ (کلیاں کا اعادہ) درست تصاویر سے ملاسکیں۔ سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے دُرست حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔ 'ب' کے خاندان کے نقطوں کی پہچان کرسکیں۔ لال رنگ پہچان سکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ ماحول میں موجود اشیا کی مدد سے شروع کی آواز کے نظریے کا اعادہ کرسکیں۔ 'ب' کے خاندان 'ب ، پ ، ت ، ٹ اور ث' سے شروع ہونے والے الفاظ کا زبانی ذخیرہ حاصل کرسکیں اور ان کی (الفاظ کے شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
بصری پڑھائی: پری نرسری کی کتاب کلیاں کا ذخیرۂ الفاظ (زارا ۔ علی ۔ امّی ۔ ابّو) کا اعادہ کرسکیں۔ نیا لفظ 'لال' سیکھ سکیں۔

لکھنا : دائرہ بنانے اور 'ب' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔ 'ب' کے خاندان کی درست بناوٹ کے ساتھ لکھائی کرسکیں۔ 'ب' سے 'ث' تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروفِ تہجّی اور کلیاں کا ذخیرۂ الفاظ زارا علی امّی ابّو برائے اعادہ ، نیا لفظ لال اور متعلقہ تصاویر)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں ، پتلیاں / کٹ آؤٹس
- 'گلاب' صفحہ ۱ تا ۱۹

## تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲ تا ۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱ تا ۱۳
- معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'کھیل' صفحہ ۱ تا ۸
- کاپی برائے خوش خطی

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۱ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ب' کے بعد 'پ' کی پڑھائی کے لیے 'پ' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'پ' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ماحول اور معلّم سے مانوس ہوسکیں۔
- مشاہدہ کرنے کی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال سیکھ سکیں۔
- پڑھنے اور لکھنے کی بنیادی مہارتیں حاصل کرنے کے لیے تیار ہوسکیں۔
- سُن کر عمل کرنے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔
- شروع کی آواز پہچان سکیں۔ (صوتی طریقۂ تدریس کے ذریعے)
- فہم کی نشوونما ایک جیسی اشیا کو پہچان کر ملا سکیں۔
- نقطہ اور تیر کا نشان پہچان سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رنگین نقطہ شروع کرنے اور تیر کا نشان کسی سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔
- بصری طریقۂ تدریس (Sight reading) کے ذریعے الفاظ پڑھنے کی کوشش کرنا شروع کرسکیں۔
- حرف 'ب' کی پہچان کرسکیں۔ 'ب' سے شروع ہونے والی چیزوں کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ب' درست بناوٹ سے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، ماحول، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کتاب، 'گلاب' (اُردو کا گلدستہ، تیسرا ایڈیشن) صفحہ ۱ تا ۵

## تجویز کردہ معاون کتب

- پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل)
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل)
- غبارّے ('گلاب' کی معاون کتاب برائے مطالعہ)

## طریقۂ کار

- بچّوں کے ساتھ زمین، دری یا قالین پر بیٹھیے۔
- بچّوں سے اپنا تعارف کروائیے۔ باری باری ہر بچّے سے اس کا نام پوچھیے اور دُہرائیے۔
- اُنسیت پیدا کرنے کے لیے کچھ سوالات کیجیے اور اپنے بارے میں بھی بتائیے، مثلاً:
- آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟

- آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے؟
- کون کون سے کھیل کھیلنا اچھا لگتا ہے؟
- بچّوں کے بتائے ہوئے جوابات کو درست مکمل جملوں میں تبدیل کر کے دُہرائیے۔

روزانہ بچّوں کے ساتھ سرگرمیاں کیجیے۔

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کو دیکھ کر ان کے اُردو نام بتایئے ، مثلاً: میز، کرسی ، پنسل ، پنکھا ، فرش ، چھت...... پھر باری باری بچّوں سے پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچّوں کو شاباش دیجیے۔
- بسم اللہ کا کھیل کھیلیے (طریقہ: صرف وہ کام کرنا ہے جس کی ہدایت سے پہلے بسم اللہ کہا گیا ہو ، مثلاً 'بسم اللہ کھڑے ہوجائیں' تو کھڑے ہونا ہے ، اگر صرف 'کھڑے ہوجائیں' کہا جائے تو کھڑا نہیں ہونا ہے۔)
- شروع کی آواز کا تعارف کروایئے ، بتائے گئے ناموں جیسے میز ، کرسی ، پنسل کے شروع کی آواز بتایئے ، مثلاً: م۔میز ، ک۔کرسی ، پ۔پنسل
- بچّوں کی کتابوں سے دوستی کروایئے۔ کتاب 'گلاب' دکھایئے۔ کچھ صفحات کھول کر دکھایئے۔ شوق کا اظہار کیجیے۔ (تجویز: قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) ، معاون کتاب 'غبارے' اور اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کی کتابیں دکھایئے۔ بتایئے کہ ہم یہ سب کتابیں مزے سے پڑھیں گے اور ان میں لکھیں گے۔ 'غبارے' کا ٹائٹل دکھایئے۔ صفحہ ۲ اور ۳ کھول کر دکھایئے۔ بتایئے کہ کہانی کا نام ہے 'کھیل' اور آپ کو ان تصاویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ نظر آنے والی چیزوں کے نام خود بتایئے اور پوچھیے۔)
- ان بچّوں سے تعارف کروایئے جن کے بارے میں کل بات نہ ہوئی ہو (ان کا نام ، بہن بھائی...... پسند ، ناپسند)
- شروع کی آواز کا اعادہ کروایئے ، مثلاً: م۔میز ، ک۔کرسی ، د۔دیوار
- کتاب 'گلاب' کا تعارف کروایئے۔ سرورق دکھایئے اور اس کے بارے میں بات کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے ، رنگ بتایئے۔ سرورق پر بچّے کی تصویر کے بارے میں بات کیجیے ، اس نے کیا پہنا ہے؟ کیا کر رہا ہے؟ کیا آپ کو بھی پھولوں اور تتلیوں کو دیکھنے کا شوق ہے؟

بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز تیار کیجیے۔ روزانہ پانچ منٹ دکھا کر پڑھایئے۔ یاد رکھیے بچّے نہیں ہوگی جیسے وہ 'ب' پہچانیں گے ایسے ہی مکمل لفظ پہچانیں گے۔ پری نرسری جماعت کی کتاب کلیاں کا ذخیرۂ الفاظ دکھانا شروع کیجیے۔

## صفحہ ا

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا احساس اور شکر کا جذبہ پیدا کرسکیں۔
- نعمتوں کے درست استعمال کی رغبت پیدا کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم
- گلاب صفحہ ا
- 'گلاب' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۵۔ (مکمل نظم اور زبانی سوالات و سرگرمیاں)

### طریقۂ کار

- 'گلاب' کے صفحہ ا کی تصاویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت پر عمل کروائیے۔

# صفحہ ۲ تا ۵

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- ہاتھوں کی مجموعی اور نفیس حرکات (Gross & Fine Motor Skills) پر قابو کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے بصری الفاظ برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، ماحول ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، رنگین مارکر ، سلیٹ
- گلاب صفحہ ۲ تا ۵

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۷ اور/ یا پہلے سے تیار کی گئی خوش خطی کی کاپی


## طریقۂ کار

- زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایات اور سرگرمیوں پر عمل کروایئے۔ صفحے پر موجود جگہ میں بچّوں کے ایک ہاتھ یا دونوں ہاتھوں کو رکھ کر ٹریس کرنے میں مدد دیجیے۔ بعد ازاں رنگ بھرنے کے لیے بنائے گئے ہاتھوں کے خاکوں کے اندر رنگ بھروایئے۔
- گلاب صفحہ ۳ سے قبل تیاری کے طور پر ماحول میں پائی جانے والی اشیا کی طرف توجہ مرکوز کروایئے۔ مثلاً بچّوں کے جوتے ، دو ایک جیسی پنسلیں ، ایک جیسی دو کتابیں ، ایک جیسے دو دروازے ، کھڑکیاں......
- بورڈ پر 'گلاب' صفحہ ۳ بنایئے ، کام کا طریقہ سکھایئے۔ کتاب میں کام کرواکے رنگ بھی بھروایئے۔
- انگلی سے ریت میں نقطے لگانے کی مشق کروایئے۔
- بچّوں کو چاک/ مارکر دے کر سلیٹ/ بورڈ پر نقطے لگانا سکھایئے۔ بتایئے کہ نقطہ گول O نہیں بنانا بلکہ چاک/ مارکر کو سلیٹ/ بورڈ پر دبا کر ہٹا لینا ہے۔
- تجویز: بورڈ پر اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۱ بنایئے۔
- بچّوں کے سامنے رنگین چاک سے نقطے لگایئے۔
- بچّوں سے کتاب کا صفحہ ۱ کھلوا کر اس میں رنگین پنسلوں سے نقطے لگوایئے۔ مدد کیجیے۔
- بڑا سا تیر کا نشان بورڈ پر بنایئے۔



تیر کے اندر رنگین چاک سے خود درست سمت میں لکیر کھینچ کر دکھایئے۔ دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں۔
تیر کے گتّے کے کٹ آؤٹ زمین پر رکھیے اور بچّوں سے اُن کی سمت میں چلنے کے لیے کہیے۔ پھر تیر کا رخ بدلیے اور وہی ہدایت دوبارہ دیجیے۔

- تجویز: شروع کے نقطے کی پہچان اور تیر کے نشان کا مقصد سمجھانے کے بعد اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۷ بورڈ پر سمجھا کر انفرادی توجہ سے کروایئے۔
- شروع کی آوازوں کی پہچان کروایئے۔ ایک ٹوکری میں رکھی گئی 'ب' سے شروع ہونے والی اشیا دکھا کر ان کے نام بتایئے، مثلاً: بلّی (کھلونا)، بستر (کھلونا یا تصویر) بندر، بطخ، (کھلونا یا تصویر) بٹن، باجا، بوتل، ان سب کے شروع کی آواز 'ب' بتایئے۔
  تجویز: (مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے صفحہ ۲ دیکھیے۔
- کہانی سنایئے۔ ایک دن بارش ہو رہی تھی۔ بارش میں بطخ نہائی، ننھّی بوندیں...... کہانی سنانے کے بعد کہانی میں آنے والے 'ب' کے الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔
- 'گلاب' کا صفحہ ۴، بورڈ پر بنایئے اور تیر کے نشان کی سمت میں پنسل پھیرنے کی واضح ہدایات دیجیے۔ بسم اللہ پڑھ کر کام شروع کرنے کی ترغیب دیجیے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے درست سمت میں ہی لکھ رہے ہوں۔ پہلے دائرے بنانے کی مشق کروایئے۔ پھر 'ب' کی نمونہ لکھائی (.........................) پر پنسل پھروایئے۔



- بطخ/بلّی کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروایئے، بچّے بڑے حرف پر پنسل بھی پھیریں۔
- لکھائی کی تیاری کے لیے بچّوں سے ریت، مٹّی، ہوا اور میز پر انگلیوں کی مدد سے لکھنے کی مشق کروایئے۔ بنائے گئے نشانات پر انگلی/ دو انگلیاں پھروایئے۔
- 'ب' کی آواز کی مشق کروایئے۔ بورڈ پر بڑا حرف 'ب' لکھ کر اس پر بار بار چاک پھیریے اور بچّوں سے کہیے کہ وہ بھی ہاتھ اٹھا کر ہوا میں آپ کے ساتھ ہاتھ کو حرکت دیں۔ بورڈ پر 'ب' لکھتے ہوئے، 'گلاب' کا صفحہ ۵ بورڈ پر بنایئے اور کام کا طریقہ سمجھایئے۔
  زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔ زبانی ہدایت ضرور دہرایئے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے درست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔ جن بچّوں کو دشواری ہو، ان سے دوبارہ ریت، میز اور ہوا میں 'ب' بنوایئے۔ کچھ بچّوں کو چاک سے بورڈ کی نچلی جانب 'ب' کی مشق کروائی جا سکتی ہے۔
- زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی کا کام بھی بورڈ پر بنا اور سمجھا کر کروایئے۔
- فلیش کارڈز سے 'کلیاں' میں سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔ دیکھیے فرہنگ 'گلاب' صفحہ ۱۲۲
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۷ پر دیا گیا کام 'گلاب' ہی کی طرح بورڈ پر لکھ کر کروایئے یا/اور تیار کی گئی کاپی میں 'ب' کی مزید مشق کروایئے۔ دیے گئے نمونے کے مطابق کاپی تیار کیجیے۔
- اس سے قبل بھی بچّوں سے ہوا میں ہاتھ اُٹھا کر درست سمت میں 'ب' بنانے کی مشق ضروری ہے۔

## تیسرا ہفتہ

# نظم: بُلبُلے

### مقصد

- طلبہ و طالبات مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دُہرانے اور نظم سے لطف اُٹھانے کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔




### مددگار مواد

- گلاب صفحہ ٦
- گلاب صفحہ ١١٦ (ہدایات برائے اساتذہ پر دی گئی مکمل نظم 'بلبلے')
- چھوٹی پیالیاں ، صابن / کوئی ڈٹرجنٹ ( کپڑے دھونے کا پاؤڈر) اور چھوٹی صاف سُتھری نلکیاں (Straws)

### طریقۂ کار

- بچّوں کو صفحہ بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔ کیا ہو رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟
- زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دُہرایئے اور صفحے پر دیے گئے دائرے بنانے کی مشق کروایئے۔ نظم تاثرات اور لطف اندوز ہوتے ہوئے پڑھ کر سُنایئے۔ اپنے ساتھ دُہرانے کی مشق کئی بار کروایئے۔
- زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی احتیاط سے کروایئے تاکہ بچّوں کے کپڑے گیلے نہ ہوں اور صابن ملا پانی اُن کی آنکھ یا ناک میں نہ جائے۔
- خود بھی لطف اُٹھایئے اور بچّوں کے ساتھ یہ کھیل کھیلیے۔
- سرگرمی کے بعد ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ١١٦ پر دیے گئے زبانی سوالات پوچھیے۔ جواب دینے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

# صفحہ ۷


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔
- شروع کی آواز کا اعادہ کر سکیں۔
- 'پ' کی پہچان کر سکیں۔
- 'پ' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
- کہانی 'کھیل' (معاون کتاب: غبّارے) کی تصاویر بغور دیکھ سکیں اور کہانی سمجھ سکیں۔ (تجویز)
- بصری طریقۂ تدریس سے چند الفاظ (زارا، علی ...... اور کہانی 'کھیل' کے الفاظ) پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈ (سکھائے گئے حروف اور تصاویر برائے اعادہ، بصری الفاظ: علی زارا تجویز: الفاظ کہانی 'کھیل' اور ذخیرۂ الفاظ: پنسل، پتنگ، پتّا، پرندہ، پنکھا۔
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، مثلاً پانی، پتنگ، پَر، تصاویر، ماحول، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کتاب گلاب صفحہ ۷




## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۳
- اُردو خوش خطی (حصّہ اوّل) صفحہ ۸
- معاون کتاب 'غبّارے' صفحہ ۱ تا ۷

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ پڑھائی کروائیے۔
- 'پ' کا تعارف
- 'ب' کا اعادہ کروائیے اس سے شروع ہونے والی چیزیں تختۂ نرم کی مدد سے اور کارڈز دکھا کر آواز کی یاد دہانی کروائیے۔
- کہانی کے انداز میں بتائیے کہ 'ب' کی ایک اور بہن ہے جس کے نیچے ایک کے بجائے تین نقطے ہیں بورڈ پر بڑی سی 'پ' درست طریقے سے بنا کر دکھائیے۔
- 'پ' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔ چیزیں اور تصاویر بھی دکھائیے، پتّا، پرندہ، پانی، پرانا، پنکھا، پانچ، پَر، پتنگ، پوری، پپیتا، پتلون، پورا، پالک، پیر، پَیر، پیڑ، پکانا۔

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- بورڈ پر 'پ' کو بڑے سائز میں لکھیے اور 'گلاب' کا صفحہ ۷ بنائیے۔ درست طریقے سے کام کی ہدایت دیجیے۔
صفحے کے نیچے دی گئی زبانی ہدایت، نقطے سے نیچے آئیے، ...... دہراتے رہیے۔
- کھوکھلے حروف میں پانچ بار لکھوانے کے بعد نیچے کی تین سطروں پر لکھوائیے۔ لکھائی کے کام کی نگرانی توجہ سے کیجیے۔ تین نقطوں کی ہدایت بار بار دیجیے۔ بعد ازاں صفحے کے نیچے دی گئی سرگرمی کا کام بورڈ پر بنا کر سمجھا کر کروائیے۔
- گتّے کی پٹّی پر کام کا طریقہ سمجھائیے۔ بچّے اس پٹّی پر 'پ' کی چیزیں بنائیں اور ٹیچر ان سے پوچھ کر ان کی بنائی ہوئی تصویروں کے نیچے/ ساتھ نام لکھ دیں۔ مثلاً






- پٹّی کی دوسری جانب (Side) بھی استعمال کیجیے۔
- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۸ کروائیے۔
- درست طریقے سے لکھائی پر توجہ مرکوز کروائیے۔ نقطے سے شروع کرنا اور تیر کی سمت میں لکھنا سکھاتے رہیے۔ اور/ یا
کاپی میں پہلے سے لکھے گئے صفحے پر کام کروائیے (دیکھیے نمونہ، کاپی میں کام) حاشیے میں تصاویر بھی بنوائیے۔
- 'ب' اور 'پ' کی آوازوں کی مشق واضح انداز میں کروائیے۔
- کاپیوں میں خوش خطی کا کام کروانے سے قبل تختۂ تحریر پہ درست بناوٹ کے ساتھ 'پ' کالم میں لکھ کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔ نقطے لگانے کی وضاحت کیجیے۔ 

نمونہ (کاپی میں کام)

باسمہٖ تعالیٰ

۳/۲/۲۰۲۰ خوشخطی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
|  | پ | پ | پ | پ |
|  | | | | |

- تجویز: روزانہ کہانی 'کھیل' کے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کی وجہ سے بچّے ان الفاظ کو پڑھنے پر قادر ہو چکے ہوں گے۔ بچّوں کے ہاتھ میں کتابیں دیجیے۔ کتاب میں لکھی ہوئی ہدایات پر عمل کر کے کہانی سنائیے، سوالات اور سرگرمیاں کیجیے۔ مشق کروائیے۔

## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'ت' اور 'ٹ' کی پہچان کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ت' اور 'ٹ' کی لکھائی کرسکیں۔صفحات کے نیچے دی گئی سرگرمیاں کرسکیں۔
- نیا لفظ 'لال' پڑھ سکیں اور رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- مشاہدے کی صلاحیتوں کی نشوونما کرسکیں۔ اس سلسلے کی کہانی کے کرداروں کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب' اور 'پ' کا ذخیرۂ الفاظ ، بصری الفاظ اور تصاویر برائے اعادہ ، نیا لفظ 'لال' اور ذخیرۂ الفاظ: ٹوکری ، تالا ، تتلی ، تحفہ ، ٹماٹر ، ٹرک)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، ماحول ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۸

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۴ تا ۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۹

## طریقۂ کار


- بصری طریقے پر مبنی فلیش کارڈز (زارا ، علی ، امّی ، ابّو) دکھائیے۔
- 'ب اور پ' کا اعادہ بورڈ پر ان حروف کو دیکھ کر ان کی آوازیں دہرا کر کروائیے۔
- ان سے شروع ہونے والی اشیا کے نام پوچھیے اور بتائیے۔فلیش کارڈز دکھائیے۔
- بورڈ پر 'ت' لکھیے اور بتائیے کہ یہ تیسری بہن ہے اسے تتلیاں پسند ہیں اور اس کے اوپر دو نقطے ہیں بورڈ پر بنا دیجیے۔



- گلاب کا صفحہ ۸ بورڈ پر بنائیے ، کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروائیے۔ زبانی ہدایت ضرور دہرائیے۔
- زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- کام کے دوران درست بناوٹ اور تصاویر کے اندر رنگ بھرنے کی نگرانی اور حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔


## سرگرمی

- طلبہ و طالبات کام ختم کرنے کے بعد گتّے کی تتلی میں رنگ بھریں اور 'ت' پر پنسل پھیریں۔



- 'ت' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔ تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۴ دیکھیے۔
- تختۂ تحریر پر 'ت' کالم میں لکھ کر کاپیوں میں کام کروائیے۔ کام کی نگرانی کے دوران حروف کی درست بناوٹ کا خیال رکھیے۔
- تختۂ تحریر (بورڈ) پر 'ب اور پ' کا اعادہ کروائیے۔ نقطوں اور ذخیرۂ الفاظ پر توجّہ دیجیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۹ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے اور کام کروائیے۔

## صفحہ ۹



بچّوں کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ تصویر میں موجود کرداروں کے بارے میں پوچھیے اور بتائیے۔ (کون کون ہے؟ دادا جان ، دادی جان ، امّی ، زارا ، علی ، مانو) صفحے کے زیریں حاشیے (فٹ نوٹ) میں دی گئی ہدایت پر عمل کروائیے۔

ایک مثال تختۂ تحریر پر لکھ کر واضح کروائیے۔ بچّوں کو بڑی تصویر سے چھوٹی تصویر ملانے کا کام انفرادی توجّہ اور مدد سے کروائیے۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# پانچواں اور چھٹا ہفتہ


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- بصری الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- 'ب ، پ اور ت' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ٹ' کی تیاری کے لیے 'ط' بنانا سیکھ سکیں۔
- 'ٹ' اور 'ث' کی پہچان کرسکیں اور لکھ سکیں۔
- کہانی سن کر سمجھ سکیں۔
- کیے گئے سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- کرداروں کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (ب سے ٹ تک حروف ، بصری الفاظ: زار ، امّی ، ابّو ، علی اور متعلقہ تصاویر برائے اعادہ ، نیا لفظ 'لال')
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، ماحول ، رنگین کریون / پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- 'گلاب' صفحہ ۱۰ تا ۱۴





## تجویز کردہ معاون کتب


- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۵ اور ۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۰ تا ۱۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ تختۂ نرم پر 'ٹ' کی چیزیں لگایئے۔
- 'ٹ' کا زبانی تعارف کروایئے۔ اس سے شروع ہونے والی چیزیں ٹوکری میں رکھ کر دکھایئے۔ ٹماٹر ، کھلونے کا ٹیلیفون ، ٹرک ، ٹوپی ، (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے دیکھیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل ، صفحہ ۵)
- 'ٹ' لکھنے کی تیاری کے لیے 'ط' بنانا سکھایئے۔
- 'ط' بنانے کا طریقہ دو حصّوں میں بورڈ پر بتایئے۔ ا ے بچّوں سے ہوا ، میز ایک دوسرے کے ہاتھ پر بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- گلاب کا صفحہ ۱۰ بورڈ پر بنا کر درست بناوٹ سے لکھ کر دکھایئے۔ دو حصّوں میں 'ط' بنوایئے اور زبانی ہدایت ساتھ ساتھ دہرایئے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- تجویز: 'ط' کی مزید مشق اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کے صفحہ ۱۰ پر کروایئے۔






- فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروایئے نیا لفظ 'لال' پر زیادہ زور دیجیے۔
- 'ب ، پ اور ت' کا اعادہ کروایئے۔
- گلاب کا صفحہ ۱۱ کھلوا کر 'ٹ' کا اعادہ کروایئے۔
- بڑے حروف میں درست طریقے سے لکھائی کروایئے۔
- 'ٹ' لکھوانے کے بعد سرگرمی کا کام کروایئے۔
- دیئے گئے ٹرک کے کٹ آوٹ میں صرف 'ٹ' کے خانوں میں رنگ بھروایئے یا گتے/کاغذ کی ٹوپیاں بنوا کر ان میں 'ٹ' لکھوایئے۔



# کہانی: بندر اور ٹوپیاں


- گلاب کا صفحہ ۱۲، ۱۳ کھلوا کر بچّوں کو تصاویر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ نمبر کے لحاظ سے کہانی سنائیے۔ یعنی تصویر نمبر ا میں کیا ہو رہا ہے...... ایک دفعہ کا ذکر ہے...... اسی طرح چاروں مناظر کے بارے میں بات کرتے ہوئے دلچسپ انداز میں رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۶ میں سے پڑھ کر کہانی سنائیے۔




- کہانی کے بعد اسی صفحے پر دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔
- ڈرامے کی صورت میں کرواتے ہوئے گزشتہ دن بنائی گئی 'ٹ' کی ٹوپیاں استعمال کیجیے۔ نظم و ضبط کا خیال رکھیے۔ جماعت میں گروپ بنا کر باری باری ہر گروپ سے ڈراما کروائیے۔
- ٹوپیاں گھر لے جانے کے لیے دی جا سکتی ہیں اور جماعت میں نمائش بھی کی جا سکتی ہے۔
- بچّوں کے ساتھ مل کر کل کی کہانی دہروائیے۔
- تمام حروفِ تہجّی بورڈ پر لکھ کر اعادہ کروائیے۔ 'ٹ' کا اعادہ کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۱ کا کام کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۵ دیکھیے۔
- تیار کی گئی کاپی میں کالمز بنا کر 'ٹ' کی لکھائی کروائیے۔
- 'ب پ ت ٹ' کا اعادہ کروانے کے بعد ایک اور بہن 'ث' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ ثابت، ثمینہ، ثاقب، ثریا۔
  تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۶ دیکھیے۔
- پھلوں کو ثمر بھی کہتے ہیں بتائیے اور کٹ آؤٹ میں پھلوں کو رنگ بھرنے کے بعد گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔

- لفظ 'لال' کی بصری پڑھائی کروایئے۔
- تمام آوازوں کے اعادہ کے بعد تختۂ تحریر پر 'ث' کی شکل بڑی بنایئے۔
- نقطے درست لگانے کی ہدایت دیجیے۔
- 'ث' بچّوں سے ہوا میں بنانے کے لیے کہیے۔
- خصوصی طور پر بتایئے کہ 'پ' کے نیچے نقطے تین اور 'ث' کے اوپر نقطے تین۔ اس طرح بولتے رہنے سے بچّے یاد رکھتے ہیں۔
- گلاب کا صفحہ ۱۴ کروایئے۔ زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایات دُہراتے ہوئے ، کام کروایئے۔ پہلے بڑے حروف میں پانچ بار لکھائی ، بعد میں نیچے کی سرگرمی بورڈ پر سمجھاتے ہوئے کروایئے۔
- تجاویز پر عمل کروایئے۔
- فلیش کارڈز پڑھایئے۔ جماعت میں موجود لال رنگ کی اشیا کی طرف توجّہ دلایئے۔
- لال رنگ کی پہچان کا اعادہ کیجیے۔
- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۲ میں کام کروایئے۔ اور یا 'ث' کی خوش خطی کا کام کاپی میں کروایئے۔



## ساتواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- ’ب سے ث‘ تک ترتیب جان سکیں۔
- نقطوں کی پہچان کرسکیں۔
- ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔
- جانچ کے لیے دیے گئے صفحات میں درست حرف پر دائرہ بناسکیں اور تصویر کے سامنے درست حرف لکھ سکیں۔
- لفظ ’لال‘ اور لال رنگ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- (فلیش کارڈز حروف ’ب سے ث‘ اور متعارف کروائے گئے بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر، رنگین چاک، رنگین کریون/ پنسلیں۔ شکل ب کے کارڈز ہر بچّے کے لیے تیار کرلیں کہ بچّے بآسانی مشق کرسکیں۔ کافی مقدار میں ’نقطے اور ط‘ تیار کرلیں۔
- گلاب صفحہ ۱۵ تا ۱۸
- کاپی میں بنائے گئے کالمز میں خوش خطی


| ث | ٹ | ت | پ | ب |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۳


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے الفاظ اور حروفِ تہجّی ’ب، پ، ت، ٹ، ث‘ کی پڑھائی کروایئے۔
- سکھائی گئی آوازوں کا اعادہ بورڈ پر حروف لکھ کر کروایئے۔ نقطوں اور ’ط‘ کی پہچان کا اعادہ بھی کروایئے۔




## یونٹ نمبر ۱


- صفحہ ۱۵ کا کام صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دُہراتے ہوئے کروائیے۔
- بچّوں کو صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ’ب ، پ ، ت ، ٹ اور ث‘ کا اعادہ بورڈ پر کروائیے۔
- نقطوں کی پہچان بچّوں سے پوچھتے ہوئے کروائیے۔
- سرگرمی کا کام انفرادی توجّہ دیتے ہوئے کروائیے۔
- تجویز پر عمل کروائیے۔
- جو بچّے کام کرلیں ان کے لیے پہلے سے بنائے گئے کارڈز دری پر رکھیے بچّے ان پر نقطے اور ’ط‘ رکھ کر حرف بنائیں اور تصاویر سامنے رکھیں، مثلاً:



(کارڈ جس پر بچّے نقطے رکھیں) (گتّے کے ٹکڑوں کے نقطے اور ط) (تصویر کا کارڈ)

- گلاب کے صفحہ ۱۶ کا کام کروائیے۔ صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات ، سرگرمیوں اور تجاویز (جو ممکن ہوں) پر عمل کروائیے۔ بچّوں سے لال رنگ کی پہچان کروانے کے بعد صفحے کے نچلے حصّے میں لال رنگ کی اشیا پر دائرہ بنوائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۱۷ ، ۱۸ بورڈ پر بنائیے۔ ایک مثال سمجھا کر کام شروع کروائیے۔ انفرادی توجّہ دیجیے۔ پہلے دائرہ بنوانے کا کام اور حروف لکھنے کا کام کروائیے پھر خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ یہ دونوں صفحات الگ الگ دنوں میں کروانے سے آپ زیادہ اپنے طلبہ و طالبات کے کام کے بارے میں واضح طور پر جان سکیں گے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ ان دونوں کاموں سے آپ یہ جان سکیں گے کہ کن بچّوں کو ابھی کن حروف کے سیکھنے میں مزید مدد درکار ہے۔ اس کام کو چیک کرتے وقت اپنے ریکارڈ کے لیے ان بچّوں کے نام ضرور لکھ لیجیے تاکہ ان بچّوں کو آپ الگ سے توجہ دے سکیں۔
- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۳ کا کام کروائیے۔ یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔



## صفحہ ۱۹

### مقصد


- طلبہ و طالبات بصری ذخیرۂ الفاظ اور تصاویر کی پہچان کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (الفاظ اور تصاویر)
- تختۂ تحریر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں
- گلاب صفحہ ۱۹

### طریقۂ کار

- بچّوں کو صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دیتے ہوئے سرگرمی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحہ بنائیے۔مکمل الفاظ پڑھ کر بتائیے۔
- پہلے الفاظ اور تصاویر کو اپنی انگلیوں کے ذریعے ملوائیے۔یعنی بچّے لفظ سے تصویر تک دیے گئے راستے میں انگلی پھیرتے ہوئے جائیں۔
- بعد ازاں ہی کام پنسل / رنگین پنسلوں سے کروائیے۔ اس دوران الفاظ کی پڑھائی کرواتے رہیے۔ یاد رکھیے بصری طریقۂ تدریس میں الفاظ کو مکمل لفظ کے طور پر ذہن نشین کروایا جاتا ہے۔ ان کے ہجّے نہیں کروائے جاتے۔



# یونٹ ۲

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔ ’ج‘ کے خاندان کے نقطوں کی پہچان کرسکیں۔ کہانی ’’بات سُنو‘‘ کا مرکزی خیال سمجھ سکیں، کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔ نظم ’’اِک خرگوش‘‘ سن کر مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دُہرانے ، ترنّم اور آہنگ سے لطف اُٹھا سکیں۔ ایک جیسی اور مختلف چیزوں کی پہچان کرسکیں۔ نیلا رنگ پہچان سکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

پڑھنا: صوتیات۔ ’ج‘ کے خاندان ’ج ، چ ، ح ، خ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ کا زبانی ذخیرہ حاصل کرسکیں اور ان کی (الفاظ کے شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
بصری پڑھائی : کلیاں میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ (یہ ، وہ) کا اعادہ کرسکیں اور الفاظ (دیکھو، ہے، بھالُو ، کیا ، طوطا ، نیلا) سیکھ سکیں۔

لکھنا : ’ج‘ کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔ ’ج‘ کے خاندان کی دُرست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔ ’ج‘ سے ’خ‘ تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ب سے خ‘ تک حروفِ تہجّی اور ان سے متعلقہ ذخیرۂ الفاظ اور تصاویر ، بصری الفاظ [دیکھو] [ہے] [ما نو] [کیا] [طوطا] [نیلا])
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، ماحول ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۲۰ تا ۳۵

## تجویز کردہ معاون کتب

قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۸ تا ۱۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۴ تا ۱۹
- معاون کتاب ’غبّارے‘ کی کہانی ’یہ کیا ہے‘ صفحہ ۱۰ تا ۱۶
- کاپی برائے خوش خطی

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۲ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً ’ج‘ کی پڑھائی کے لیے ’ج‘ سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور ’ج‘ کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- مختلف کی پہچان کر سکیں۔
- بغور مشاہدہ کرنے کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، ماحول، رنگین کریون/ پنسلیں
- گلاب صفحہ ۲۰

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے صفحہ کھلوا کر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ زیریں حاشیے فٹ نوٹ میں دی گئی زبانی ہدایت دہرائیے۔ تجاویز پر عمل کرتے ہوئے جماعت کی چیزوں کی مدد سے مختلف ہونے کا تصوّر واضح کروائیے تین لال پنسلیں اور ایک ہری لکھ کر وضاحت کرنے کے علاوہ مزید امثال دی جا سکتی ہیں مثلاً چار ربر کے درمیان ایک پنسل رکھنا، چار ایک جیسی کتابوں کے درمیان ایک مختلف کتاب رکھنا وغیرہ۔ سرگرمی کا کام کروائیے۔ پہلی سطر میں موجود بلّیوں کے بارے میں پوچھیے اور بتائیے کہ کون سی مختلف ہے (اُلٹی تصویر مختلف ہے) اسی طرح باری باری نیچے کی تین سطور کے بارے میں پوچھیے اور بتائیے طلبہ و طالبات سے انفرادی توجہ کے ساتھ کام کروائیے۔



## صفحہ ۲۱

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- بغور مشاہدہ کرنے کی مہارت کو فروغ دے سکیں۔
- 'ج' کی پہچان کر سکیں۔
- 'ج' لکھنے کی تیاری اور مشق کر سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر، رنگین کریون / پنسلیں
- گلاب صفحہ ۲۱

### طریقۂ کار

- گلاب کا صفحہ ۲۱ کھلوا کر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- صفحہ کے اُوپر کی جانب جنگل میں چھُپے 'ج' جانور ڈھونڈ کر دائرہ بنانے کے لیے کہیے۔
- دلچسپ انداز میں مزے سے یہ کام کروائیے۔
- صفحے کے نچلی جانب کا کام ہوا، ریت اور سلیٹ/بورڈ پر کروانے کے بعد کتاب میں کروائیے۔
- زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔

## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ج' کی آواز اور حرف پہچان سکیں۔
- 'ج' کا ذخیرۂ الفاظ جان سکیں۔
- نقطے سے شروع کر کے درست لکھائی کر سکیں۔
- دیے گئے 'جلیبی' کے معمّے میں جگ کو جگ سے، جہاز کو جہاز سے اور جگنو کو جگنو سے ملا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف 'ب سے ث'، متعلقہ ذخیرۂ الفاظ اور تصاویر برائے اعادہ، بصری الفاظ: علی، ہے، کیا، یہ، بھالُو، دیکھو، طوطا اور ذخیرۂ الفاظ: جُوتا، جیب، جگ، جہاز، جگنو)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، حقیقی اشیا، تصاویر، جہاز بنانے کے لیے کاغذ، پانی ڈالنے کی مشق کے لیے کھلونے کا جگ گلاس اور پانی، جانوروں کے کھلونے، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۲۲


## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۵

## طریقۂ کار

- بصری طریقے پر مبنی فلیش کارڈز دکھائیے (کہانی 'بات سنو' کا ذخیرۂ الفاظ)
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی (ب سے ث) کا اعادہ فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔
- 'ج' کا ذخیرۂ الفاظ دیجیے اور پوچھیے۔ جانور، جنگل، جامنی، جامن، جیپ، جال، جالی، جوتے، جیب۔
  تجویز: ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۸ دیکھیے۔
- تختۂ تحریر پر بڑا 'ج' لکھ کر دکھائیے۔ اور بتائیے کہ یہ وہ آواز ہے جو ہم نے سیکھی ہے۔
- بچّوں سے ہوا، ریت اور میز پر اُنگلیوں کی مدد سے لکھنے کے لیے کہیے۔
- دو ٹکڑوں میں لکھوائیے، پہلے 'ج' کی چھت بنوائیے اور پھر اس کا گول حصّہ بنوائیے۔
- گلاب صفحہ ۲۲ کھلوائیے، زبانی ہدایت پر عمل کرواتے ہوئے کام کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ دُہراتے رہیے، سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروائیے۔

- معمّے حل کرنے میں مدد کیجیے۔
- زیریں حاشیے میں دی گئی تجاویز پر عمل کروائیے۔
- کاغذ سے جہاز بنوائیے، کاغذ پر 'ج' لکھا ہونا ضروری ہے۔ بچّے جہاز پر رنگ کریں۔




- تجویز: مزید مشق کے لیے خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۱۵ کروائیے۔ اور/ یا خوش خطی کا کام کاپی میں کروائیے۔

# کہانی: بات سُنو

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دہرانے ، واقعات کی ترتیب جاننے ، مرکزی خیال ، کرداروں اور مناظر کی پہچان کرنے کی مہارتوں کی نشوونما کر سکیں۔ بات غور سے سننے کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ حاصل کرسکیں۔

## مددگار مواد

- گلاب صفحہ ۲۳ تا ۲۵
- گلاب 'ہدایات برائے اساتذہ' صفحہ ۱۱۷ (کہانی ، زبانی سوالات اور سرگرمیاں)

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو ان صفحات کی تصاویر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ہدایت برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۷ کی مدد سے ہر تصویر کی مناسبت سے کہانی کا وہی حصّہ سنایئے جو تصویر میں نظر آ رہا ہو۔ تأثرات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کا خیال رکھتے ہوئے کہانی سنایئے۔
- کہانی سنانے کے بعد دیے گئے زبانی سوالات کیجیے اور سرگرمیاں کروایئے۔ اس کہانی کو ڈرامے کی طرح پیش کروانے سے طلبہ و طالبات کے فہم میں اضافہ ہوگا۔



# تیسرا ہفتہ


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ


- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ (یہ، ہے، کیا) کا اعادہ کرسکیں۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے ساتھ تصویریں یا حقیقی اشیا مثلاً پنسلیں، کاپی/کتابیں رکھ کر جملے پڑھنے کی تیاری کرسکیں۔


## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے بصری الفاظ: یہ کیا ہے اور متعلقہ تصاویر)
- حقیقی اشیا
- گلاب صفحہ ۲۶
- متعارف کیے گئے بصری الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- کچھ بچّوں کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیں اور باقی بچّوں کے سامنے کھڑا کریں۔ پڑھوانے کے بعد۔





بچّوں کی ترتیب بدل کر کھڑا کریں اور ان الفاظ کو جملوں کی صورت میں پڑھوایئے۔




آخری جملے کی طرح وہ  ہے کے جملے پڑھوایئے۔ درمیان کی چیزیں بدلتے رہیے۔
مثلاً: پنسل، کتاب، گڑیا، گیند وغیرہ

- 'گلاب' صفحہ۲۶ پڑھوایئے اور زیریں حاشیے (فٹ نوٹ) میں دی گئی ہدایات کے مطابق کام کروایئے۔

## صفحہ ۲۷

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'چ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'چ' کا ذخیرۂ الفاظ بتاسکیں۔
- 'چ' کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- 'ج اور چ' کا فرق جان سکیں۔
- نیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: معاون کتاب 'غبّارے' کہانی 'یہ کیا ہے' (تجویز) اور لفظ 'نیلا' بصری طریقۂ تدریس سے پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حرف 'چ' اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، بصری لفظ نیلا۔ ذخیرۂ الفاظ: چیونٹی، چابی، چڑیا، چیل، چوزہ
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۲۷
- خوش خطی کی کاپی میں لکھا گیا 'چ'

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۶
- معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'یہ کیا ہے'

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'چ' کا تعارف کروائیے۔ بورڈ پر لکھیے 'ج' اور پھر اس کا بھائی 'چ' یا۔ شوق سے چنوں والے چاول کھاتا تھا، چینی بھی اسے پسند تھی۔ وہ کبھی کسی کی چیز چوری نہیں کرتا تھا۔ اس کے چار دوست تھے۔ چڑیا، چوہا، چکور اور چیتا
  (اسی طرح کہانی بنائیے اور مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے، چاند، چادر، چمک، چاٹ......)
  تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۹ دیکھیے۔
- گتّے کی چڑیا دیجیے جس میں بچّے رنگ بھریں اور 'چ' لکھیں۔ ایک گوشے میں 'چ' سے شروع ہونے والی چیزیں اور ان کی تصویریں سجائیے۔

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ بورڈ پر لکھ کر 'ج اور چ' کی پہچان کروایئے۔
- گزشتہ کل کے بارے میں پوچھیے اور سکھایا جانے والا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔ گلاب کا صفحہ ۲۷ بورڈ پر لکھ کر کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروایئے۔ زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دہرایئے۔ صفحے کے نیچے دی گئی سرگرمی تختۂ تحریر پر بنا کر سمجھایئے اور انفرادی توجہ سے یہ کام کروایئے۔


بڑے حرف میں پانچ بار تیر کی سمت میں لکھائی اور پھر نیچے دیے گئے حروف میں لکھائی کے بعد رنگ بھروایئے۔

- کاپی میں خوش خطی کا کام اپنی نگرانی میں کروایئے۔
- نظم پڑھوایئے۔

چوں چوں چوں چاچا
گھڑی پہ چوہا ناچا
گھڑی نے ایک بجایا
چوہا نیچے آیا

نئے لفظ نیلا کا تعارف کروایئے۔ اس کے لیے لفظ 'لال' متعارف کروانے کا طریقہ دیکھیے۔

- تجویز: مزید مشق یا گھر کے کام کے لیے خوش خطی صفحہ ۱۶ کروایئے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کے بعد کاپی میں کام کروایئے۔
- تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'یہ کیا ہے' کتاب ہی میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ و والدین پڑھ کر سنایئے اور پڑھوایئے۔
- تجویز: ذخیرۂ الفاظ کی بصری پڑھائی کروائی جاتی رہنے کے سبب طلبہ یہ کہانی خود پڑھ سکنے پر قادر ہوں گے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔
- تجویز: انفرادی طور پر ہر بچّے سے پڑھائی کروایئے اور مشق کا کام کتاب (غبّارے) ہی میں کروایئے۔ (بورڈ پر مشق کا صفحہ ۱۶ بنایئے) سرگرمیاں بھی کروایئے۔




## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'ج ، چ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ح ، خ' کی پہچان ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- 'ح ، خ' کی لکھائی کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر برائے اعادہ ، حروف ح ، خ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، بصری لفظ : نیلا ذخیرۂ الفاظ: حجامت ، حجّام ، حلوا ، خرگوش ، خوش ، خیمہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں ، پتلیاں / کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۲۸ تا ۲۹


## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۰ ، ۱۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۸ ، ۱۹

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور 'ب سے چ' تک حروف تہجّی اور لفظ نیلا کا اعادہ کروائیے۔
- 'ح' کا تعارف کروائیے۔ اس میں کوئی نقطہ نہیں ہے (ح کی آواز 'ہ' جیسی ہی ہے) ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ حج ، حاجی ، حروف ، حلوا ، حلیم ، حالی ، حال...... حجامت ، حجّام ، دو بچّوں سے کھیل کروائیے جس میں ایک بچّہ حجّام بنے دوسرا حجامت کروانے والا ، ڈرامے کی طرح کروائیے جس میں 'حالی' نام کا ایک بچّہ حجامت سے ڈرتا ہو۔
- بچّے 'ج ، چ' کی بناوٹ سیکھ چکے ہیں۔ 'ح' کی بناوٹ کے ساتھ پہچان پر نظر رکھیے۔
- 'گلاب' صفحہ ۲۸ کا کام کروائیے۔ صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دہراتے ہوئے لکھائی کروائیے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔ تجاویز پر عمل کروائیے۔
- 'ح' لکھنے کی مزید مشق کے لیے خوش خطی صفحہ ۱۸ کا کام کروائیے۔

- ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔
- تجویز: 'خ' کا تعارف کروائیے۔ 'خ' سے شروع ہونے والی چیزیں اور نام پوچھیے اور بتائیے۔ نقطے کی طرف متوجہ کیجیے کہ اس کا نقطہ اوپر ہے۔
- ایک گلاس میں پانی اور ایک خالی گلاس دکھا کر بتائیے 'خ' خالی۔ بچّوں سے کہیں خوش ہو کر دکھائیے۔
- ہدایت کی طرف توجہ دلائیے کہ کام خراب نہیں کرنا چاہیے۔ خوش خطی کون اچھی کرتا ہے۔
- گلاب کا صفحہ ۲۹ بورڈ پر بنا کر کام کا درست طریقہ بتا کر اپنی نگرانی میں کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دہراتے ہوئے 'خ' لکھوائیے۔
- صفحے کے نیچے دی گئی سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔
- ممکنہ تجاویز پر عمل کروائیے۔
- تجویز: 'ح اور خ' کے مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۰، ۱۱ دیکھیے۔
- حلوے کا ڈبّا اور خرگوش / خوش / خربوزے کے کٹ آؤٹس میں بچّوں سے رنگ بھروائیے اور گھر بھجوائیے۔






# نظم: خرگوش

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- مشاہدے، سننے، سمجھنے، دہرانے، ترنّم اور آہنگ سے لطف اُٹھانے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔

## مددگار مواد

- گلاب صفحہ ۳۰
- ہدایات برائے اساتذہ گلاب صفحہ ۱۱۷ (مکمل نظم اور زبانی سوالات)

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو گلاب کا صفحہ ۳۰ بغور دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی زبانی ہدایت پر عمل کروائیے۔
- نظم تاثرات اور تلفّظ کی دُرستی سے سنائیے۔ دو تین بار دہروائیے۔
- سرگرمی کا کام دی گئی ہدایت کے مطابق کروائیے۔



# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- سکھائے گئے تمام حروف کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- سکھایا گیا تمام ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔ نیلا رنگ پہچان سکیں اور لفظ 'نیلا' پڑھ سکیں۔ جانچ کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (ب اور ج کا خاندان اور متعلقہ تصاویر، بصری لفظ: نیلا )
- نیلی پنسلیں
- گلاب صفحہ ۳۱ تا ۳۴


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۹

## طریقہ کار

- گلاب صفحہ ۳۱ میں ترتیب وار لکھائی کی مشق کروایئے۔
- جانچ کا کام کروانے سے قبل تمام حروف کا اعادہ کروایئے۔ اس کے لیے بچّوں کو 'ب' سے 'خ' تک کے کارڈز پکڑا کر کھڑا کیجیے۔ اور بچّوں ہی سے پڑھوایئے۔
- حروف کے ساتھ ان الفاظ کے تصویری کارڈز کا کھیل کھیلیے۔ کچھ بچّے حروف کے کارڈز پکڑیں اور کچھ ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے۔ آپ تالی بجایئے اور تصویر والے بچّے حروف کے کارڈز والے بچّوں کے پاس جا کر جوڑی بنالیں۔ اب دوبارہ الگ کھڑا کریں اور اس بار تالی بجانے پر حرف والے بچّے تصویر والے بچّوں کے پاس جائیں اور جوڑی بنا کر کھڑے ہوں تالیاں بجوایئے اور مزے سے کھیل کھلایئے۔






- کچھ بچّوں کو حروفِ تہجّی کے کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔ آپ زبانی پڑھیے اور بچّے کارڈز اوپر کر کے دکھائیں۔ آپ 'ب' کہیں تو ب کے کارڈ والا بچّہ اپنا ہاتھ اوپر کر کے کارڈ دکھائے۔ پھر ان بچّوں کو ترتیب سے کھڑا کر کے حروف کی پڑھائی کروائیے۔
- 'ب سے خ' بورڈ پر دہرائی کروائیے۔
- تجویز: مزید مشق کے لیے خوش خطی (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۹ کا کام کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر درست لکھ کر دکھائیے۔ بچّے بھی ہاتھ اٹھا کر آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔
- گلاب کے صفحہ ۳۱ کا کام اپنی نگرانی میں کروائیے۔
- گلاب صفحہ ۳۲ بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- نیلا کا فلیش کارڈ دکھا کر نیلے رنگ کی اشیا دکھائیے جماعت میں نیلے رنگ کی اشیا کی طرف توجہ دلائیے۔
- صفحہ ۳۲ کے نچلے حصّے میں موجود نیلی اشیا کی پہچان کروا کر ان پر دائرہ بنوائیے۔
- صفحہ ۳۲ کے زیریں حاشیے (footnotes) کی ہدایات اور سرگرمیوں پر عمل کروائیے۔
- جانچ کا کام کروائیے۔ بورڈ پر صفحہ ہو بہو بنائیے۔ ایک مثال سمجھائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۳۳ کروائیے۔
- بورڈ پر دہرائی کروا کر اسی طرح گلاب کا صفحہ ۳۴ کروائیے۔
- کام کرواتے وقت نظر رکھیے اور اپنے پاس ریکارڈ میں لکھیے کہ کن بچّوں کو کون کون سے حروف کی پہچان نہیں ہے۔ یا پہچان ہے مگر لکھنے میں مشکل درپیش ہے۔ آئندہ کی تدریس میں ان بچّوں کی الگ سے مدد کیجیے اور مزید مشق کا کام بورڈ پر یا کاپی میں کروائیے۔

# صفحہ ۳۵

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ
- بصری ذخیرۂ الفاظ اور اُن کے تصاویر کے ساتھ بننے والے جملوں کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری ذخیرۂ الفاظ: وہ ، ہے ، نیلا ، یہ ، کیا)
- 'گلاب' صفحہ ۳۵

## طریقہ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈز کے ذریعے کروایئے۔
- کتاب کا صفحہ کھلوا کر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ایک جیسے الفاظ اور تصاویر کو ملانے کا کام پہلے انگلیاں پھروا کر کروایئے۔
- طلبہ و طالبات شہادت کی انگلی سے معمّے میں راستہ ڈھونڈیں۔
- اسی طرح صفحے کے نچلے حصّے کے جملے ملوایئے۔
- بعد ازاں یہی کام پنسلوں سے کروایئے۔ رنگین پنسلیں استعمال کروائی جا سکتی ہیں۔

یونٹ ۳ یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ،لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔'د' اور'ر' کے خاندان کے نقطوں کی پہچان کر سکیں۔ کہانی ''دادا جان کا گاؤں'' کا مرکزی خیال سمجھ سکیں۔ کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔نظم ''ریل گاڑی'' سن کر لطف اندوز ہوسکیں ،معلومات اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔مختلف کی پہچان کرسکیں۔ پیلا رنگ پہچان سکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام درست طریقے سے کرسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔'د' کے خاندان'د ، ڈ ، ذ' اور'ر ، ڑ ، ز ، ژ' سے شروع ہونے الفاظ کا زبانی ذخیرہ حاصل کرسکیں۔ اور ان کی (الفاظ کے شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔ آخر کی آواز سے متعارف ہوسکیں اور پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔'ڑ' کی بطور آخری آواز پہچان کرسکیں۔

بصری پڑھائی : ذخیرۂ الفاظ (گائے ، بطخ ، مانو ، بکری ، مُرغا ، قَیں قَیں ، ککڑوں کُوں ، مُومُو ، آؤ ، کھانا ، کھاؤ ، اللہ حافظ ، پیلا) سیکھ سکیں۔

لکھنا : 'د' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔'د' اور' ر' کے خاندان کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔'ب' سے'ژ' تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب سے ژ' تک حروف تہجّی اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر، بصری الفاظ: کہانی ' دادا جان کا گاؤں')
- تختۂ تحریر ،تختۂ نرم ، کھلونے ،حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۳۶ تا ۵۵

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۳ تا ۱۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۰ تا ۲۸
- معاون کتاب'غبّارے' کی کہانی 'دعوت' صفحہ ۱۷ تا ۲۷
- کاپی

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۳ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'د' کی پڑھائی کے لیے'د' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور'د' کا ذخیرہ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

## مقصد


طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ
- مشاہدے اور فہم کی صلاحیتوں کی نشوونما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین چاک، گتّے کے ٹکڑوں سے بنائی گئی اشکال کے پزل (معمّے)
- گلاب صفحہ ۳۶

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی معمّے/ پزلز کے ٹکڑے جوڑنے کے کام کروایئے۔
- زبانی ہدایت دیجیے۔
- صفحے کا کام غور سے دیکھ کر کرنے کی ہدایت دیجیے اور بورڈ پر بنا کر اور ایک مثال ملا کر دکھایئے۔
- اس عمر کے طلبہ و طالبات کی مشاہدے کی صلاحیتیں اس وقت عروج پر ہوتی ہیں وہ رہنمائی کیے جانے اور حوصلہ افزائی سے یہ کام بخوشی کریں گے۔



# صفحہ ۳۷

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ


- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
- نام سن کر شروع کی آواز پہچان سکیں۔'د' کی آواز سے متعارف ہوسکیں۔
- 'د' کی درست طریقے سے لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔


## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (منتخب حروف 'د' بصری الفاظ اور متعلقہ تصاویر اور منتخب ذخیرۂ الفاظ: دودھ ، درخت ، دروازہ ، دیوار)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۳۷


## طریقۂ کار

- تعارف: بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔
(پہلے دن صرف (۱) بکری (۲) مرغا (۳) گائے (۴) بطخ (۵) مانو کی تصویریں دکھایئے۔

بکری


گائے


بطخ



مُرغا


مانو



دروازہ ، دل ، دال ، دودھ ، دہی ، درد ، دانت ، دو (۲)، دادا ، دادی ، دلیہ ، دوڑنا ، دس (۱۰)

- ۵ منٹ یہ دکھانے کے بعد ماحول سے 'د' کی آواز کا تعارف کروایئے 'د' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔ (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل ،صفحہ ۱۳ دیکھیے)

- بچّوں سے ریت ، ہوا ، میز پر ’د‘ کی نمونہ لکھائی کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۳۷ بغور دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی زبانی ہدایت دہراتے ہوئے صفحے کا کام کروائیے۔
- سرگرمی کروائیے ، تجاویز پر عمل کروائیے۔
- پہلے دن دکھائے گئے کارڈز دکھائیے۔
- پانچ منٹ کی یہ سرگرمی کرنے کے بعد ’د‘ کی آواز کا اعادہ کروائیے۔ گلاب کا صفحہ ۳۸ کروائیے۔ درست بناوٹ سے لکھوانے کے بعد صفحے کے نیچے دی گئی سرگرمی کا کام تختۂ تحریر (بورڈ) پر الگ سے سمجھانے کے بعد ’د‘ کے خانوں میں رنگ بھروائیے۔
- پہلے دن دکھائے گئے کارڈز دکھائیے۔ بچّے پہچان چکے ہوں گے اب تصویر کو موڑ کر صرف لفظ پڑھائیے۔




- باقی ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز دکھائیے۔
- جن بچّوں کا کام ختم ہوتا جائے انھیں درخت کا کٹ آؤٹ دیجیے جس میں ’د‘ لکھا گیا ہو بچّے اس پر پنسل پھیریں اور درخت پر رنگ کریں۔ آپ چاہیں تو انھیں جماعت میں آویزاں کر دیجیے یا گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۲۰ پر دیا گیا کام کروائیے۔ اور/ یا
کاپی میں ’د‘ لکھوائیے۔ (دیکھیے نمونہ)
- ہر کام سے پہلے کام کا طریقہ بورڈ پر ہو بہو لکھ کر اور بنا کر دکھائیے۔



# کہانی: دادا جان کا گاؤں

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دہرانے ، واقعات کی ترتیب جاننے ، مرکزی خیال ، کرداروں اور مناظر کی پہچان کرنے کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- گلاب صفحہ ۳۹ تا ۴۲
- گلاب صفحہ ۱۱۸ (ہدایات برائے اساتذہ) برائے کہانی 'دادا جان کا گاؤں' زبانی سوالات اور سرگرمی
- کہانی کے کرداروں کے ماسک۔ (ڈرامے کے لیے)

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے گفتگو کیجیے (اگر وہ گاؤں میں ہی رہتے ہیں تو پوچھیے کہ آپ کو اپنا گاؤں کیسا لگتا ہے؟ وہاں کیا کیا ہے...... اگر شہر میں رہتے ہیں۔تو پوچھیے کہ کیا آپ نے گاؤں دیکھا ہے؟ وہاں کیا کیا ہوتا ہے؟
- پہلے سے پڑھائے جانے والے ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے طلبہ و طالبات کو تصاویر بغور دیکھنے اور الفاظ خود پڑھنے کی کوشش کرنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ سے باری باری تصویر کے بارے کہانی کا حصّہ پڑھ کر سنائیے۔ زبانی سوالات کیجیے۔
- زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- صفحہ ۴۲ پر دی گئی 'ملائیے' کی مشق سمجھا کر کروائیے۔



## دوسرا ہفتہ


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- بصری طریقۂ تدریس سے کہانی 'دادا جان کا گاؤں' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے 'ڈ' کی آواز پہچان سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: ڈِبّا، ڈول، ڈگڈگی، ڈنڈا، ڈال، ڈور، ڈانٹنا، ڈبل روٹی
- 'ڈ' کی درست طریقے سے لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حرف 'ڈ' سکھائے گئے حروف اور متعلقہ تصاویر، بصری الفاظ: کہانی 'دادا جان کا گاؤں' کا اعادہ اور ذخیرۂ الفاظ: ڈِبّا، ڈاکٹر، ڈگڈگی، ڈبل روٹی)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۴۳




## تجویز کردہ معاون کتب

- پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۱


## طریقۂ کار

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کیجیے۔
- 'ڈ' کا تعارف بورڈ پر بڑا 'ڈ' لکھ کر کروائیے اور ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔ (ڈ۔ڈِبّا، ڈگڈگی، ڈنڈا، ڈرنا، ڈاکیا، ڈاکٹر) حقیقی اشیا دکھائیے۔
- 'گلاب' میں کام کے طریقے سے صفحہ ۴۳ کروائیے۔ کام کے دوران 'ڈ' سے شروع ہونے والے ناموں اور افعال کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- پہیلی پوچھیے 'چھوٹی سی ڈبیا ڈب ڈب کرے، چلتا مسافر گر گر پڑے'۔ جواب: (آنکھ اور آنسو)
- 'ڈ' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔ (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۴ دیکھیے۔
- تجویز: 'ڈ' کی مشق خوش خطی صفحہ ۲۱ پر کروائیے/ یا کاپی میں کام کروائیے۔
- بچّوں سے خالی ڈبّے منگوائیے۔ بچّوں کے لائے ہوئے ڈبّوں پر 'ڈ' لکھوا کر رنگ کروائیے۔
- ڈراما کروائیے۔ ایک بچّہ ڈاکٹر بنے اور باقی بچّے باری باری مریض بن کر آئیں، ڈاکٹر بھی بچّے باری باری بنیں۔
  بچّوں کو اس ڈرامے کے ذریعے بولنے کی تمیز سکھائیے۔ کسی کے پاس جا کر سلام کرنا چاہیے اور اپنا حال خود بتانا چاہیے۔
- 'ڈ' کی مزید مشق کاپی میں کروائیے۔

# صفحہ ۴۴ تا ۴۵

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ
- سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز پڑھ سکیں۔
- د ، ڈ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ذ' کی آواز کی پہچان کرسکیں۔
- 'ذ' کی درست لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔
- 'ب سے ذ' تک ترتیب جان سکیں۔
- پیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب' سے 'ذ' تک حروف اور ان سے متعلقہ تصاویر ، بصری لفظ 'پیلا' اور ذخیرۂ الفاظ: ذائقہ ، ذخیرہ ، ذرّے)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۴۴

## تجویز کردہ معاون کتب


- پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۲

## طریقۂ کار

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔
- 'ذ' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرہ ، ذاکر ، ذرّے ، چاک توڑ کر اس کے ذرّے دکھائیے۔ مٹّی کے ذرّے دکھائیے۔ (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل ، صفحہ ۱۵ دیکھیے)
- گلاب کے صفحہ ۴۴ پر 'ذ' لکھوائیے۔ زبانی ہدایت دہرائیے۔ تجاویز پر عمل کروائیے۔ صفحے کے نیچے دی گئی سرگرمی تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔ طلبہ و طالبات کو بغور دیکھنے کا موقع دے کر درست حرف پر دائرے بنوائیے۔

  نوٹ: 'د ڈ ذ' کی بناوٹ پر توجہ رکھیے کہ اس طرح بنوائے گئے حروف غلط ہوں گے۔
- ذائقہ سے متعلق ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ لیموں کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ کھٹّا ، چینی کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ میٹھا۔
- 'ب' سے 'ذ' تک فلیش کارڈز اور بورڈ کی مدد سے حروفِ تہجّی دہرائیے۔
- بچّوں کو حروفِ تہجّی کے کارڈز ترتیب وار پکڑوا کر کھڑا کیجیے اور پڑھوائیے۔

- فلیش کارڈز میں نئے لفظ پیلا کا تعارف کروائیے۔ جماعت میں موجود پیلی چیزوں کی طرف نشاندہی کیجیے اور بچّوں سے پوچھیے۔
- انڈے کی زردی کیسی ہوتی ہے؟ کسی نے سورج مکھی کا پھول دیکھا ہے۔
- تجویز : خوش خطی صفحہ ۲۲ کا کام بورڈ پر لکھ کر سمجھائیے اور پھر کروائیے۔
- گلاب صفحہ ۴۵ پر زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت کے مطابق کام کروائیے۔ سرگرمی کا کام سمجھا کر کروائیے۔ تجاویز پر عمل کروائیے۔ طلبہ و طالبات کو پیلے رنگ اور لفظ 'پیلا' کی پہچان کروائیے۔



# تیسرا ہفتہ
# نظم : ریل گاڑی

## مقاصد


طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دُہرانے ، معلومات حاصل کرنے کی مہارتوں کی نشوونما ، ترنّم اور آہنگ سے لطف اُٹھانے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ب سے ذ‘ تک سکھائے گئے حروف)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- لال جھنڈی۔ لال کپڑے کو کسی چھوٹی ڈنڈی پر لگا کر تیار کر لیجیے۔ ممکن ہو تو ریلوے گارڈ کی وردی (بچّوں کے سائز کی) اور سیٹی
- گلاب صفحہ ۴۶ ، ۴۷
- پلے کارڈ۔ گتّے کے پیچھے چھوٹی لکڑیاں یا پلاسٹک کی چھڑیاں لگا کر بنا لیجیے۔




پُل ۔ گتّے سے پُل بنا لیجیے۔

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۴

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو گلاب کے صفحہ ۴۶ اور ۴۷ دیکھنے اور وقت دیجیے۔ نظر آنے والی چیزوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- طلبہ و طالبات سے اُن کے ذاتی تجربات پوچھیے کہ کیا کسی نے کبھی ریل گاڑی دیکھی ہے؟ اُس سے سفر کیا ہے؟
- ’گلاب‘ رہنمائے اساتذہ صفحہ ۱۱۸ سے نظم ’ریل گاڑی‘ پڑھ کر سنائیے۔ زبانی سوالات کیجیے۔
- گلاب صفحہ ۴۶ کی زبانی ہدایت پر عمل کروائیے۔

- گلاب صفحہ ۴۷ کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- بورڈ پر 'ب' سے 'ذ' تک لکھ کر آوازوں کا اعادہ کروائیے۔
- 'ب' سے 'ذ' تک فلیش کارڈز بچّوں کے ہاتھوں میں دے کر ترتیب وار کھڑا کیجیے۔




- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۳ پر 'ا سے ذ' لکھائی اور 'ر' کی نمونہ لکھائی کروائیے تاکہ بچّے 'ر' لکھنے کی تیاری کر سکیں۔
- 'ر' کا تعارف کروائیے۔ آواز بتائیے۔ ذخیرۂ الفاظ ماحول سے اور (تجویز: قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل، صفحہ ۱۶) سے دیجیے۔ مثلاً رونا، رات، رسّی، رکشا، ریل گاڑی، روز، روٹی۔ کچھ حقیقی اشیا مثلاً رسّی، رومال دکھائیے۔ کچھ کی تصاویر یا کھلونے مثلاً کھلونا رکشا اور ریل گاڑی دکھائی جا سکتی ہے۔ گلاب کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ میں سے نظم 'ریل گاڑی' پڑھ کر حرکات و سکنات سے دہرائیے۔
- 'ر' ریت ہوا، میز اور بورڈ پر انگلیوں اور چاک کی مدد سے لکھنا سکھانا شروع کیجیے۔
- 'ر' کی آواز کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ بچّوں سے پوچھیے اور دہرائیے۔
- گلاب کے صفحہ ۴۸ پر درست طریقے سے کام کروائیے۔ زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر (بورڈ) پر بنا کر سمجھا کر کروائیے۔ طلبہ و طالبات کی بنائی چیزوں کے نام پوچھیے۔ چونکہ طلبہ و طالبات کی بنائی تصویریں اتنی واضح نہیں ہوتیں کہ ہم سمجھ سکیں کہ انھوں نے کیا بنایا ہے۔ اس لیے اُن سے پوچھنا ضروری ہے اس طرح آپ کو یہ بھی معلوم ہو سکے گا کہ انھوں نے 'ر' سے ہی شروع ہونے والی چیزیں بنائی ہیں یا نہیں۔ پوچھ کر اُن کی کتابوں پر بنائی گئی تصویروں کے ساتھ لکھ دیجیے۔ (دیکھیے رہنمائے اساتذہ کے آخری صفحات پر دیے گئے بچّوں کے کام کے نمونے)
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۲۴ 'ر' کی مزید مشق کے لیے بورڈ پر بنا کر درست طریقے سے کروائیے۔ تصاویر میں رنگ بھی بھروائیے۔ اور/ یا 'ر' پہلے سے تیار شدہ کاپی میں لکھوائیے۔

## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'ر' کا اعادہ اور مشق کر سکیں۔
- آخر کی آواز کا نظریہ سیکھ سکیں۔
- 'ڑ' سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حرف 'ر' متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر اور بصری الفاظ: 'پیلا ، یہ ، ہے' کا اعادہ) حرف ڑ اور ذخیرۂ الفاظ: گُڑ ، جڑ ، پہاڑ
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں ، پتلیاں / کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۴۹ ، ۵۰
- کاپی (پہلے سے تیار شدہ)

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۴ ، ۲۵


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے 'ر' کا ذخیرۂ الفاظ اور لفظ پیلا کا اعادہ کروائیے۔

## آخر کی آواز کا تعارف کروائیے

- مختلف الفاظ بولیے اور طلبہ و طالبات سے اُن الفاظ کے آخر میں آنے والی آواز پوچھیے اور بتائیے۔
- گلاب صفحہ ۴۹ کھول کر اس پر موجود تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے اور اُن کے نام خود پڑھ کر بتائیے (طلبہ و طالبات سے نام پڑھنے کی توقع نہ رکھیے) دی گئی زبانی ہدایت کے مطابق کام کروائیے۔
- یہاں ایسے الفاظ چن کر لکھے گئے ہیں جن کا آخری حرف الگ لکھا گیا ہے تاکہ طلبہ و طالبات کو دائرہ بنانے میں آسانی ہو۔
- مختلف الفاظ بولیے اور ان کی آخر کی آوازیں پوچھیے۔ مثلاً لفظ بولیے اس کے آخر میں آنے والی آواز بورڈ پر لکھ دیجیے۔ لفظ بولیے ، مور آخر کی آواز 'ر' بورڈ پر لکھیے۔ اسی طرح مختلف الفاظ بول کر آخر کی آواز بورڈ پر لکھیے۔ صرف وہی الفاظ منتخب کیجیے جن کے آخر میں آنے والی آوازیں اب تک سکھائی جا چکی ہیں تاکہ آپ تختۂ تحریر پر لکھیں تو بچّے پڑھ سکیں۔

مثلاً: درد - تاج - کاٹ




- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوائیے۔ یہ ہے
- 'ڑ' کا تعارف کروائیے۔

  الفاظ بولیے اور بورڈ پر لکھ کر بتائیے۔

  گڑ، گڑبڑ، مڑ، جڑ، پاپڑ
- گلاب صفحہ ۵۰ بورڈ پر بنا کر سمجھا کر کروائیے۔ صفحہ کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دہراتے ہوئے کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دی گئی سرگرمی کا کام الگ سے تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- دی گئی تجاویز پر عمل کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۵ کروائیے۔ اور/ یا

  کاپی میں خوش خطی کام کروائیے۔

# پانچواں ہفتہ


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ
- آخر کی آواز کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ز اور ژ' کی آواز پہچان سکیں۔
- 'ز اور ژ' کی درست لکھائی کرسکیں۔
- پڑھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- رنگوں کے ناموں [لال] [پیلا] [نیلا] کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حرف 'ز ، ژ' اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کی تصاویر ، بصری الفاظ: [لال] [پیلا] [نیلا] برائے اعادہ ، ذخیرۂ الفاظ: زرّافہ ، زنجیر ، اژدھا ، ٹیلی وژن ، ژالہ باری)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں ، کاغذ کی پٹّیاں
- گلاب صفحہ ۵۱

## تجویز کردہ معاون کتب




قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۱۸ ، ۱۹

اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۶ ، ۲۷

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ رنگوں کے ناموں کا اعادہ کروائیے۔
- آخر کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- 'ز' کا تعارف کرواتے ہوئے بورڈ پر بڑا 'ز' لکھیے۔ ذخیرۂ الفاظ ماحول سے (تجویز: قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے ، حصّہ اوّل سے) دیجیے۔
  (زبان ، زردہ ، زرّافہ ، زنجیر ، زیبرا ، زیرہ ، زکام ، زیور ، زردی)
- ریت ، ہوا اور میز پر لکھوائیے۔ گلاب صفحہ ۵۱ بورڈ پر بنا کر 'ز' لکھواتے ہوئے زیریں حاشیے کی زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔ صفحے کے نیچے لکھی گئی سرگرمی/سرگرمیاں کروائیے۔
- کاغذ کی زنجیر بنوائیے۔ کاغذ کی لمبی پٹّیاں کاٹ کر ان کے چھوٹے ٹکڑے کیجیے۔ اور پھر ایک کے اندر ایک پرو کر اسٹیپل کردیں یا گوند سے چپکائیے۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۶ میں کام بورڈ پر سمجھا کر کروائیے۔ جن بچّوں کو بنانے میں مشکل ہو رہی ہو ان کی الگ سے مدد کیجیے اور/ یا کاپی کے کام کا نمونہ بورڈ پر بنائیے اور بچّوں سے کاپی میں کام کروائیے کام کے دوران درست بناوٹ کا خیال رکھوائیے۔
- کتاب کے آخر میں دیئے گئے ژرافے کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھجوائیے۔



- 'ژ' کا تعارف کروائیے۔
- آواز کی واضح پہچان کروائیے اس کی آواز 'ی' کی طرح نہیں ہے بلکہ وہ آواز ہے جو ٹیلی ویژن (television) میں آتی ہے 'ژے' اس کا نام ہے اور 'ژ' آواز ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتائیے اژدھا، ٹیلی وژن، ژالہ باری۔
- ایک کارڈ پر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر چپکوائیے اور بتائیے کہ برف کے چھوٹے ٹکڑے جب بارش کے ساتھ گرتے ہیں تو اسے اولے پڑنا یا ژالہ باری کہتے ہیں۔
- گلاب صفحہ ۵۲ کا کام کروائیے۔
- صفحہ بغور دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔ زبانی ہدایت دہراتے ہوئے کام کروائیے۔ سرگرمیوں کی تجاویز میں سے ایک یا دو منتخب کر کے کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے تمام حروفِ تہجّی کا اعادہ کارڈز کے ذریعے کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ ۲۷ کا کام کروائیے۔ اور/ یا کاپی میں خوش خطی کا کام کروائیے۔

نوٹ: یہ صفحہ گھر کے کام میں بھی دیا جا سکتا ہے۔

## چھٹا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- حروفِ تہجّی کی ترتیب بتاسکیں۔
- حروفِ تہجّی (ب سے ژ) ترتیب سے لکھ سکیں اور درست تصویر سے ملاسکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی اور رنگوں کے نام لال ، نیلا ، پیلا)
- تختۂ تحریر
- گلاب صفحہ ۵۳ تا ۵۵
- کاپی برائے خوش خطی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۸

## طریقۂ کار

- رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز پڑھوایئے لال نیلا پیلا
- حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز بچّوں کے ہاتھ میں دے کر کھڑا کریں اور پھر باقی بچّوں سے پوچھ کر ترتیب درست کیجیے۔
- بورڈ پر ترتیب سے حروف لکھ کر تمام آوازوں کا اعادہ کیجیے اور ان سے شروع ہونے والے نام پوچھیے اور بتایئے۔
- 'د' سے 'ژ' تک اعادہ کروایئے۔
- گلاب کا صفحہ ۵۳ بورڈ پر لکھیے۔ صفحہ دکھاتے ہوئے تصویروں کے ناموں اور اُن کی شروع کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ یاد دلایئے کہ ہم نے یہ آوازیں سیکھی تھیں اب ان تصویروں کو اُن کے حروف سے ملانا ہے۔ تختۂ تحریر (بورڈ) پر ایک مثال دیجیے۔ کتاب میں دیے گئے حرف کو تصویر سے ملایئے۔



- طلبہ و طالبات ایک ایک بار حرف لکھیں اور پھر اُن کو درست تصویر سے ملائیں۔ انفرادی مدد اور توجہ دیجیے۔
- گلاب کا صفحہ ۵۴ بورڈ پر بنا کر کام کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ کتاب میں دی گئی مثال کا حرف لکھ کر دکھائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۵۳ اور ۵۴ پر کام کے دوران دیکھیے کہ کن بچّوں کو حروف کی پہچان اور لکھائی میں مشکل درپیش ہے۔ ان تمام طلبہ و طالبات کے نام الگ لکھ لیجیے اور بعد ازاں ان بچّوں پر خصوصی طور پر توجہ دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر گلاب صفحہ ۵۵ کے اُوپر کے حصّے کا کام لکھ کر ترتیب وار لکھنے کا طریقہ سمجھانے کے بعد کتاب میں کام کروائیے۔ زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دہرائیے۔
- انفرادی توجہ دیجیے۔
- صفحہ ۵۵ کے نچلے حصّے پر دی گئی سرگرمی تختۂ تحریر پر الگ سے بنا کر اور سمجھا کر کروائیے۔
- انفرادی توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ اوّل صفحہ ۲۸ کا کام مدد کے ساتھ کروائیے اور/ یا کاپی میں ’ب سے ژ‘ تک ترتیب سے خوش خط لکھوائیے۔ آپ بورڈ پر لکھیے اور بچّے دیکھ کر نقل کریں۔ کاپیوں میں پہلے سے نقطوں والے حروف بنا کر دیجیے۔ ہر حرف کا خاندان ایک سطر پر ہو۔
- تصویروں اور حروف کے کارڈز کو ملا کر زمین پر رکھنے کا کھیل کھیلیے۔


ب



ت



ج



# یونٹ ۴

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ

اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں / خود لکھ یا بنا سکیں۔ 'ش ، ض اور ظ' کے نقطوں کی پہچان کرسکیں۔ کہانی ''چھپن چھپائی'' اور نظم ''طوطے میاں'' کا مرکزی خیال سمجھ سکیں۔ کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔ سُن کر لطف اُٹھا سکیں۔ سکھائے گئے رنگوں (لال ، نیلا ، پیلا) کی پہچان کر کے ہدایت کے مطابق کام کرسکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ ' س ، ش ، ص ، ض ، ط ، ظ' سے شروع ہونے والی الفاظ کا زبانی ذخیرۂ حاصل کرسکیں۔ ان کی (الفاظ کی شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔

بصری پڑھائی : نئے الفاظ (کہاں ، ہیں) سیکھ سکیں۔

لکھنا : 'س' اور 'ص' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔ 'س ، ش ، ص ، ض ، ط اور ظ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔ 'ب' سے 'ظ' تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب سے ظ' تک حروفِ تہجّی اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر ، بصری الفاظ: کہاں ہیں )
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، متعلقہ تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون / پنسلیں ، پتلیاں ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۵۶ تا ۷۰

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۰ تا ۲۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۹ تا ۳۶
- معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'غبّارے' صفحہ ۲۸ تا ۳۴

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۴ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'س' کی پڑھائی کے لیے 'س' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'س' کا ذخیرہ الفاظ لگائیے۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- رنگوں کے ناموں (نیلا ، پیلا ، لال ) کا اعادہ اور پہچان

### مددگار مواد

- گلاب صفحہ ۵۶
- حروفِ تہجّی (ب تا ژ) اور رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز

### طریقۂ کار

- حروفِ تہجّی (ب تا ژ) کا اعادہ فلیش کارڈز دکھا کر کروایئے۔
- خاندانوں کا تعارف کرواتے ہوئے طلبہ و طالبات کو کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔




- باری باری تمام طلبہ و طالبات کو موقع دیجیے کہ وہ کارڈز پکڑ کر کھڑے ہوں اور ان کارڈز کی پڑھائی بھی کریں۔
- رنگوں کی پہچان (نیلا ، پیلا ، لال) کا اعادہ جماعت کی چیزوں اور تصویری کارڈز کے ذریعے کروایئے۔
- رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز پڑھایئے۔
- زیریں حاشیے کی زبانی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے صفحے پر دیا گیا کام کروایئے۔

# صفحہ ۵۷ تا ۵۹

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’س ش‘ کی آوازوں کی پہچان کر کے ان حروف سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ حاصل کر سکیں۔
- ’س‘ اور ’ص‘ کی نمونہ لکھائی کر سکیں۔
- ’س‘ اور ’ش‘ کی درست بناوٹ سے لکھائی کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروف س ،ش اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، بصری ذخیرۂ الفاظ: کہاں ، ہیں ، کون ، وہ ، امّی ، علی ، زارا اور ذخیرۂ الفاظ: سیب ، سانپ ، ستارہ ، سورج)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں ، شام کا منظر بنانا / شہد کی مکّھیوں کی ویڈیو ، کٹ آؤٹس (ستارے / سموسے / سیب)
- گلاب صفحہ ۵۷ تا ۵۹

## تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۸ تا ۳۱
- پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۰ تا ۲۱

## طریقۂ کار


بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ اور نئے الفاظ کا تعارف کروایئے۔ یاد رہے کہ یہ الفاظ مکمل شکل میں فلیش کارڈز پر لکھ کر دکھا کر پہچان کروائی جائے گی۔

- گلاب کے صفحہ ۵۷ پر ’س اور ص‘ کی نمونہ لکھائی کروایئے۔
- پہلے ہوا ، ریت ، بورڈ پر ہاتھوں کی درست حرکات کی مشق کروایئے۔


’س‘ کی آواز کا تعارف کروایئے۔ ذخیرۂ الفاظ بتایئے اور پوچھیے ،س۔ سورج ، سانپ ،سمندر ، ساحل ، سیپی ،سموسے ، سائیکل ، سننا ، سمجھنا ، سوچنا۔ (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل ،صفحہ ۲۰ سے دیکھیے)

- سوچ کر بتایئے کہ آپ کو کون سا رنگ پسند ہے؟ سنیے غور سے سنیے کہ آپ کو کون سی آواز آ رہی ہے ، اسی طرح کی سرگرمیاں کرواتے ہوئے ’س‘ کی آواز دہراتے رہیے۔ مثلاً: س ۔ سوچیے ،س۔ سنیے......
- ’س‘ کی آواز کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ پر زور دیجیے۔

- 'س' کی نمونہ لکھائی بورڈ پر کر کے دکھائیے۔ بچّوں سے ریت ، ہوا ، میز پر بنوائیے ، درست بناوٹ پر زور دیجیے۔ یہ بچّوں کو انفرادی توجہ کے ساتھ سکھائیے۔



- 'گلاب' کے صفحہ ۵۸ پر کام کروائیے۔ صفحے کے نیچے لکھی زبانی ہدایت بولتے جائیے۔ تاکہ بچّے دہرائیں اور بناوٹ ذہن نشین کر لیں۔ یہ بھی کہیے ایک ، دو ، تین ، یہ بن گیا سین۔
- صفحے کا کام مکمل ہونے کے بعد سیب کے کٹ آؤٹ دیجیے۔ بچّوں سے اس میں لکھے ہوئے 'س' پر ہی پانچ بار پنسل پھیرنے کے لیے کہیے۔ اور پھر رنگ بھروائیے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے جملوں کی صورت میں پڑھائی کروائیے۔
- بصری الفاظ اور ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔ 'س' کی آواز کی مزید پہچان کروائیے۔
- تجویز : اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) مزید مشق کے لیے صفحہ ۲۹ کا کام کروائیے۔ اور/ یا 'س' کی مشق کاپی میں (کالمز بنا کر) کروائیے۔ طریقۂ کار وہی رکھیے تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر ایک دو مثالی 'س' بنائیے اور زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔
- 'ش' کا تعارف کروائیے۔ 'ش' کا ذخیرۂ الفاظ بتائیے (ش۔شکر ، شام ، شال ، شربت ، شرارت ، شیر ، شعلہ) (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل ، صفحہ ۲۱ سے دیکھیے) اور پوچھیے۔
- 'ش' بورڈ پر بڑا لکھیے اور زبانی ہدایت دہرانے کے ساتھ ، ایک دو تین ، اوپر بھی ہیں نقطے تین ، یہ بن گیا شین ، بولتے رہیے۔
- گلاب صفحہ ۵۹ کا کام سمجھا کر کروائیے۔ 'س' لکھنا سیکھنے کے بعد 'ش' لکھنا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ نقطوں کی پہچان بار بار کرواتے رہیے۔
- 'ش' کی ہدایت دہرانے کے ساتھ بورڈ پر لکھتے وقت بولیے 'ایک دو تین' اوپر بھی نقطے تین ، یہ بن گیا 'ش'۔
- 'ش' ہوا ، ریت اور میز پر لکھوائیے۔ گلاب کے صفحہ ۵۹ پر کام کروائیے۔
- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی اور ذخیرۂ الفاظ) دہرانے کے ساتھ بچّوں کے ہاتھ میں دے کر پڑھوائیے۔
- 'ش' کی آواز کا اعادہ کیجیے۔
- 'ش' بورڈ پر بڑا لکھیے اور زبانی ہدایت دہرانے کے ساتھ ، ایک دو تین ، اوپر بھی ہیں نقطے تین ، یہ بن گیا شین ، بولتے رہیے۔
- تجویز : خوش خطی سے صفحہ ۳۰ کا کام کروائیے۔ اور/ یا 'ش' کا ذخیرۂ الفاظ دہرانے اور فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔ 'ش' کی گولائی اور نقطوں کی تعداد اور بناوٹ پر نظر رکھتے ہوئے مدد کیجیے۔




کوشش کیجیے کہ بچّے اسی طرح دو نیچے ایک اوپر نقطہ لگائیں۔ بتائیے کہ جب حرف کے اوپر نقطے ہوتے ہیں تو دو نقطے نیچے اور ایک اوپر ہوتا ہے جیسے آپ نے ش میں بنائے تھے۔

# تفہیم: چُھپن چُھپائی

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، کرداروں کی پہچان ، رشتوں کی اہمیت اور ضرورت کی پہچان کرنے کی صلاحیتوں کی نشوونما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (علی ، کہاں ، ہے ، کون ، زارا ، امّی ، ہیں ، وہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون / پنسلیں
- گلاب صفحہ ۶۰ ، ۶۱
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۹

## طریقۂ کار

- صفحہ ۶۰ اور نمبر ۶۱ کھلوا کر طلبہ و طالبات کو غور سے دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ سوالات پوچھیے کہ کون بتائے گا علی کہاں چھپا ہے؟ ہر کردار کے بارے میں پوچھیے۔
- یہ سوالات ذخیرۂ الفاظ بڑھانے میں مدد دیں گے (جوابات : علی صوفے کے ساتھ ، امّی دروازے کے پیچھے) زارا کہاں ہے؟ (پردے کے پیچھے) آپ کو کیسے پتہ چلا؟ مانو کہاں ہے؟ (گملے کے پیچھے) آپ کو کیسے پتہ چلا؟
  یہ سوالات طلبہ و طالبات کی مشاہدے اور فہم کی صلاحیتوں کو نشوونما دیں گے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۹ پر دی گئی کہانی 'چُھپن چُھپائی' سنائیے۔ دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔
- فلیش کارڈز سے دیے گئے الفاظ کی پڑھائی کروانے سے طلبہ و طالبات یہ جملے خود پڑھ سکیں گے۔ مدد کیجیے۔
- طلبہ و طالبات سے جملوں کے ساتھ درست تصاویر ملوائیے۔
- زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- صفحہ ۶۲ پر دی گئی مشق بھی طلبہ و طالبات کو بغور دیکھنے کا موقع دینے کے بعد اور بورڈ پر سمجھانے کے بعد کروائیے مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔



# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ص' کی پہچان کرسکیں اور اس کا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- 'ص' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حرف 'ص' اور اس سے شروع ہونے والی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: صابن، صوفا، صندوق)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین کریون/ پنسلیں، ص کی تیلی/ کٹ آؤٹس
- 'ص' کی اشیا کی ٹوکری جس میں صابن، صافی، (کھلونے) صراحی اور صوفا رکھا ہو، گتّے پر 'ص' لکھ کر پنسل پر ٹیپ کی مدد سے چپکائیے۔
- ٹافیاں یا اسٹار، 'ص' کی تیلی۔
- گلاب صفحہ ۶۳


## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۲

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- 'ص' کا تعارف کروائیے۔
- ص دکھائیے بورڈ پر لکھ کر اس کی آواز بتائیے اور واضح کیجیے کہ اس کی وہی آواز ہے جو اس سے پہلے سکھائے گئے ان دو حروف کی تھی 'ث اور س' مگر اس سے بہت کم نام آتے ہیں۔ 'ص' کا ذخیرۂ الفاظ: بتائیے صبح، صحت، صفائی، صاف، صفحہ، صورت (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۲ دیکھیے) ٹوکری میں رکھی گئی اشیا دکھائیے۔ صوفا، صراحی (کھلونے)، صابن، صافی۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۱ پر نمونہ لکھائی کروائیے۔
- بچّوں کو صفائی کی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔ صاف ستھرا رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ اپنی ذاتی صفائی اور ماحول کی صفائی کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں سے کمرۂ جماعت کی صفائی سرگرمی کے طور پر کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ کل جو بچّہ بہت زیادہ صاف ستھرا اسکول آئے گا اسے 'ص' میاں ایک تحفہ دیں گے۔
- 'ص' بورڈ پر لکھ کر بچّوں سے ہوا، ریت اور میز پر لکھوائیے۔

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- صفائی کی اہمیت کے بارے میں گزشتہ کل کی گئی گفتگو دہرائیے، بچّوں سے پوچھیے اور بتائیے۔
- 'گتّے پر 'ص' کی تِلی چپکا کر ہر بچّے کے پاس جائیے اور جو بچّے صاف آئے ہوئے ہوں انھیں ٹافی یا اسٹار (جو بھی آپ نے انتظام کیا ہو) دیجیے۔ اس طرح بچّوں میں صاف رہنے کی عادت کی حوصلہ افزائی ہو گی۔
- اگلے دن بھی ان بچّوں کو دیجیے جو صاف آئے ہوں اس طرح کوشش کیجیے کہ جماعت کے ہر بچّے کو اس ہفتے یہ تحفہ 'ص میاں' یعنی 'ص' کی تِلی ضرور دیں۔



- گلاب کا صفحہ ۶۳ بورڈ پر بنا کر لکھنا سکھائیے اور کام کروائیے۔
- جن بچّوں کو مشکل درپیش ہو ان سے چاک سے بورڈ پر بڑے لکھے 'ص' پر ٹریسنگ کروائیے۔
- ان آوازوں کا اعادہ کیجیے جو ایک جیسی ہیں۔

ث ...... ثمر، ثمینہ


س ...... سیب، سموسا

ص ...... صفائی، صاف

ہر ایک کا مختصر ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔

- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۲ کروائیے، یہ کام گھر سے کر کے لانے کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔ اور/یا 'ص' کی مزید مشق بورڈ پر کروانے کے بعد کاپیوں میں کام کروائیے۔ بچّے 'ص' بنانا سیکھنے میں وقت لیتے ہیں۔ جن بچّوں کو مشکل درپیش ہو ان سے چاک سے بورڈ پر بڑے لکھے 'ص' پر ٹریسنگ کروائیے۔

صندوق کے کٹ آؤٹ میں ص لکھوا کر رنگ بھروائیے اور بچّوں کے گھر بھجوائیے۔




## صفحہ ۶۴

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھ سکیں۔
- 'ض' کی آواز سیکھ سکیں۔
- 'ض' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ض' درست بناوٹ سے لکھنا سیکھ سکیں۔
- جان سکیں کہ (ذ ، ز ،ض) آواز ایک جیسی ہونے کے باوجود ان سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ مختلف ہے۔
- تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'غبّارے' سمجھ سکیں ، سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- کہانی کا مزا لے سکیں۔
- رنگوں کی پہچان کرسکیں۔




### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے الفاظ کا اعادہ کتاب ، گیند ، گڑیا اور نئے الفاظ اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: ضائع ،ضعیف)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا جیسے گلاس اور پانی، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۶۴

### تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۳
- معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی ، 'غبّارے' صفحہ ۲۸
- گلاس اور پانی
- رنگین پنسلیں

## طریقۂ کار

- 'ض' کی پہچان کروایئے، 'ض' سکھاتے ہوئے آپ کو اس کی بناوٹ سمجھانے میں آسانی ہوگی کیونکہ بچّے 'ص' سیکھ چکے ہیں یہاں نقطہ مزید لگانے سے حرف 'ض' سیکھ جائیں گے۔لیکن آواز سکھانے میں بہت محنت کی ضرورت رہے گی۔ بتایئے کہ یہ آواز وہی ہے جو'ذ اور ز' کی ہے، لیکن اس سے بہت کم الفاظ آتے ہیں۔ مثلاً: ضعیف، ضائع، ضرورت، ضروری......۔
  (تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل، صفحہ ۲۳ دیکھیے)
  ضائع کے بارے میں بات کیجیے۔
  گلاس میں پانی لے کر بتایئے کہ اتنا پانی لیجیے جتنا پینا ہو باقی بچنے سے پانی ضائع ہوتا ہے، نل کھلا نہ چھوڑیے کھلا رہ گیا ہو (جیسے محلّے یا گھر میں) تو بند کردیجیے۔ اسی طرح کوئی بھی چیز ضائع کرنے سے نقصان بھی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوتے ہیں۔ کیونکہ اللہ نے ہمیں یہ نعمتیں ضائع کرنے کے لیے نہیں دی ہیں۔
- گلاب صفحہ ۶۴ پر کام کروایئے۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ متعارف کروایئے، تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'غبّارے' (مجھے، چاہیے، کو، غبّارہ، غبّارے)
  سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔ (لال، نیلا، پیلا، کہاں، ہیں)
- ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔'ض' کا ذخیرۂ الفاظ درست طریقے سے لکھوایئے۔
- ان آوازوں کا اعادہ کیجیے جو ایک جیسی ہیں۔
- ہر آواز کا مختصر ذخیرۂ الفاظ بتایئے۔
  ذ...... ذرّے، ذخیرہ
  ز...... زردی، زنجیر
  ض......ضعیف، ضائع
- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۳ کا کام کروایئے۔ اور/ یا کاپی میں خوش خطی کا کام کروایئے اور 'ض' درست بناوٹ سے لکھوایئے۔
- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھوایئے۔
- بچّے کچھ الفاظ پڑھنے پر قادر ہو چکے ہوں گے۔
- تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'غبّارے' کتاب کے صفحہ ۲۸ پر دیے گئے طریقے سے پڑھوایئے، سوالات کیجیے۔
- تجویز: کہانی 'غبّارے' انفرادی طور پر پڑھوایئے۔
- مشق اور سرگرمیاں کروایئے، رنگ بھی بھروایئے۔
- مشق میں دیا گیا آوازوں کی پہچان کا کھیل بھی کھیلیے۔

# چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ

- نئے الفاظ گیند ، کتاب ، گڑیا کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ط' کا ذخیرۂ الفاظ اور بناوٹ دہرا سکیں۔
- 'ط' خوشخط لکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ط' کا ذخیرۂ الفاظ دہرا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروف ط ، اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، بصری الفاظ: سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ اور نئے الفاظ گیند، کتاب ، گڑیا کا تعارف ذخیرۂ الفاظ: طوطا ، طیّارہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۶۵

## تجویز کردہ معاون کتاب


- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۴

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز کا اعادہ کروایئے۔ نئے فلیش کارڈز دکھایئے اور پڑھایئے۔
- نئے حرف 'ط' کا تعارف کروایئے ، ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (طاقت ، طوفان ، طوطا ، طیّارہ ، طاق ، طاقت ور)
- تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۴ دیکھیے۔
- یاد رکھیے کہ 'ط' بنانا بچّے ٹ اور 'ڈ ، ڑ' کے حروف سیکھتے ہوئے سیکھ چکے ہیں۔ اب آپ بڑی 'ط' سکھا رہے ہیں جس کی اپنی آواز 'ت' جیسی ہے۔ یہ بات بچّوں کو یاد دلاتے ہوئے آواز کی مشق کروایئے۔
- گلاب صفحہ ۶۵ کا کام بورڈ پر سمجھا کر کروایئے ، زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔

گیند


کتاب


گڑیا


- ’ط‘ کی آواز کا اعادہ کیجیے۔
- طیّارے کے کٹ آؤٹ پر’ط‘ لکھوا کر رنگ بھروائیے۔ جماعت میں سجائیے یا بچّوں کو گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔
- ’ط‘ کی لکھائی کی مشق کروائیے۔
- ’ط‘ کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۴ کا کام سمجھا کر کروائیے۔ اور/ یا کاپی میں خوش خطی کروائیے۔



# نظم: طوطے میاں

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- مشاہدے، سننے، سمجھنے، دُہرانے، ترنّم اور آہنگ سے لطف اُٹھانے کی صلاحیتوں کی نشوونما کر سکیں۔

## مددگار مواد

- گلاب صفحہ ٦٦
- ممکن ہو تو پنجرے میں لایا گیا کوئی پالتو طوطا، یا طوطے کا کٹ آؤٹ پیالی میں پانی اور مرچ، گلاب کی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ١١٩




## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو صفحہ غور سے دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- بورڈ پر اسپیچ ببل بنا کر بتائیے کہ کسی کردار کی طرف نوک نکالے یہ غبارے جن میں الفاظ لکھے ہوتے ہیں (انھیں اسپیچ ببل کہتے ہیں)۔ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ یہ کردار کیا کہہ رہا ہے۔
بتائیے کہ اس اسپیچ ببل میں لکھا ہے 'ٹیں ٹیں' جو طوطا بول رہا ہے۔
- مکمل نظم ہدایات برائے اساتذہ کے صفحہ ١١٩ سے پڑھ کر سنائیے طلبہ و طالبات کو اپنے ساتھ دُہرانے کا موقع اور ہدایت دیجیے۔
- اس صفحے پر دیے گئے زبانی سوالات کیجیے اور طالبات کو جوابات دینے کا موقع اور وقت دے کر اُن کے جوابات غور سے سن کر اُن کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کٹ آؤٹس کی مدد سے پتلی تماشے کی طرح طوطے کا خیال رکھنے کا ڈراما کر کے دکھائیے۔

# پانچواں اور چھٹا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'ظ' کی پہچان کرسکیں، ذخیرۂ الفاظ زبانی سیکھ سکیں۔
- 'ظ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔ ایک جیسی آوازوں ذ، ز، ض، ظ پہچان سکیں۔
- 'ب سے ظ' تک درست بناوٹ کے ساتھ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروف ب سے ظ اوران سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ظروف، ظفر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ٦٧، ٦٨

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۵، ۳٦

## طریقۂ کار

- 'ظ' کا ذخیرۂ الفاظ اور بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
- تختۂ تحریر 'ظ' بڑا لکھیے۔ اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور نام پوچھیے اور بتائیے، ظروف کا مطلب بتائیے۔ برتنوں کو ظروف بھی کہتے ہیں۔ ظہر (نماز کا نام)، ظالم، ظلم (ہمیں جانوروں پر ظلم نہیں کرنا چاہیے)
- تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل صفحہ) ۲۵ دیکھیے۔
- ایک جیسی آوازوں کے حروف کا اعادہ کروائیے۔ ت ط، ث س ص، ذ ز ض اور ظ۔
- بچّے 'ط' لکھنا سیکھ چکے ہیں اس لیے انھیں 'ظ' لکھنے میں مشکل نہیں ہوگی۔
- گلاب کا صفحہ ٦٨ کروائیے۔
- آواز کی وضاحت کیجیے۔ بتائیے کہ ان چاروں حروف کی آوازیں ایک جیسی ہیں۔ لیکن ذخیرۂ الفاظ مختلف ہے۔


ذ ......ذرّے      ز ......زرّافہ      ض ......ضعیف      ظ ......ظروف، ظالم

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۵ کروائیے۔

- دیے گئے نمونے کے مطابق پہلے سے تیار کی گئی کاپی میں ’ظ‘ لکھوائیے۔
- فلیش کارڈز سے الفاظ اور حروفِ تہجّی کا اعادہ کروائیے۔
- فلیش کارڈز (ب سے ظ تک) بچّوں کے ہاتھ میں پکڑا کر ترتیب سے کھڑا کروائیے۔




- گلاب صفحہ ۶۸ میں کام کا طریقہ بورڈ پر لکھ کر سمجھائیے۔ درست طریقے سے لکھائی کروائیے، مثلاً:



- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۶ کروائیے۔ چاہیں تو گھر کے کام کے لیے دیجیے۔
- بورڈ پر ترتیب سے خاندان کے لحاظ سے حروف لکھیے۔

ب پ ت ٹ ث
ج چ ح خ
د ڈ ذ
ر ڑ ز ژ
س ش ص ض ط ظ

- کاپی میں بورڈ سے دیکھ کر لکھنے کی ہدایت کیجیے۔
- کام کے دوران بچّوں کی مدد کیجیے ایک سطر چھوڑ کے لکھنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- بچّے بورڈ سے دیکھ کر پہلی مرتبہ یہ کام کر رہے ہیں اس لیے بچّوں پر انفرادی توجہ دینا ضروری ہے۔
- بورڈ پر گلاب کا صفحہ ۶۹ اور ۷۰ بنائیے اور ایک ایک مثال بچّوں سے پوچھ کر لکھ دیجیے۔
- انفرادی توجہ دیجیے کہ کن بچّوں کو کن حروف کو سمجھنے میں مشکل درپیش ہے ان بچّوں کو الگ سے سمجھائیے۔ آنے والے دنوں میں بھی ان بچّوں پر الگ سے انفرادی توجہ دیتے رہیے تاکہ ان کی کمزوری دور ہوجائے۔

# یونٹ ۵

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ

اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔ غلط کاموں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔ کہانی ''مجھے چاہیے'' کا مرکزی خیال سمجھ سکیں۔ کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ 'ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، گ' سے شروع ہونے والے الفاظ کا زبانی ذخیرہ حاصل کرسکیں۔ ان کی (الفاظ کے شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔

بصری پڑھائی : ذخیرۂ الفاظ (مانو ، مجھے ، چاہیے ، نہیں ، کتاب ، گیند ، گڑیا) سیکھ سکیں۔

لکھنا : 'ع ، ف ، ق' کی نمونہ لکھائی کرسکیں اور 'ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، گ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔ 'ب' سے 'گ' تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ع سے گ' تک حروف اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور بصری الفاظ مجھے چاہیے نہیں برائے تعارف)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کارڈ شیٹس ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۷۱ تا ۸۹

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۶ تا ۳۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۷ تا ۴۲
- معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'شرارت' صفحہ ۳۵ تا ۴۰

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۵ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ع' کی پڑھائی کے لیے 'ع' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'ع' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ


- تربیتی مہارت کی نشوونما کرسکیں۔
- دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔


### مددگار مواد


- گلاب صفحہ ا ے
- ستارے ، چاند ، Emojis ، دائرے اور تکون کے گتّے کے چھوٹے کٹ آؤٹس کے سیٹ۔ (ہر گروپ کے لیے کم از کم ایک)

### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو گروپ میں بٹھائیے۔ بورڈ پر کٹ آؤٹ ترتیب سے چپکا کر آخری کے بارے میں پوچھیے کہ اب کون سا کٹ آؤٹ آئے گا۔
- گتّے کے کٹ آؤٹس سے سرگرمی کروانے کے بعد زبانی ہدایت دے کر کتاب میں کام کروائیے۔ مدد کیجیے بچّے بہت واضح اشکال نہیں بنا پائیں گے اس بات پر توجّہ دیں کہ وہ درست تصویر سے لکیر کھینچ کر خالی جگہ پر لے آئیں اور تصویر بنانے کی کوشش کریں تاکہ بچّوں کی فہم (comprehension) کی صلاحیتوں کی نشوونما کا مقصد حاصل ہوسکے۔









# صفحہ ۷۳ تا ۷۵

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- فلیش کارڈز سے حروفِ تہجّی پڑھ سکیں۔
- نئے حروف 'ع اور غ' کا ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- 'ع غ' کی لکھائی کر سکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ (مجھے، نہیں، چاہیے۔) سیکھ سکیں۔
سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (حروف ع اور غ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، بصری الفاظ، ذخیرۂ الفاظ: عطر، عینک، علامہ اقبال)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون / پنسلیں، کٹ آؤٹس اور 'ع' کی اشیا کی ٹوکری (عطر کی بوتل، عینک، علامہ اقبال کی تصویر اور غبّارے)
- گلاب صفحہ ۷۳

## تجویز کردہ معاون کتاب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ ۲۶، ۲۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۷، ۳۸


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے بصری الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- فلیش کارڈز سے جملے پڑھوائیے یہ کون ہے؟ یہ علی ہے۔
- حروفِ تہجّی کا اعادہ کروائیے۔
- نئے لفظ 'ع' کی آواز بتائیے (اَ، یہ عربی 'ع' کی طرح نہیں ہوگی) 'ع' سے شروع ہونے ولے نام بتائیے (عذرا، علی، عالی، عائشہ، عطر، عمارت، عینک، عبید......تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل، صفحہ ۲۶ دیکھیے)
- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی تجاویز پر عمل کیجیے۔
- اصلی اشیا دکھائیے۔ تھوڑا تھوڑا عطر بچّوں کو لگائیے اور بتائیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ بہت پسند تھا۔
- 'ع' کی بناوٹ بورڈ پر سکھائیے۔ صفحے کے نیچے لکھی گئی ہدایت دہراتے ہوئے بورڈ پر بڑا حروف 'ع' لکھیے۔
- گلاب کا صفحہ ۷۳ کروائیے۔ زبانی ہدایت دیتے ہوئے درست لکھائی کروائیے۔ نیچے لکھے گئے جملے پڑھوائیے۔ تختۂ تحریر پر جملے لکھ کر




خانے بنا کر الفاظ لکھیے۔ بچّوں سے پڑھوا کر ایک مثال 'علی' کے خانے میں رنگ بھر کر دکھانے کے بعد بچّوں سے کتاب میں درست خانوں میں رنگ بھروایئے۔

- گلاب کے صفحہ ۷۴ کی زبانی ہدایت پر عمل کیجیے۔ اس کے مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ بچّوں کی بنائی ہوئی تصویروں کے بارے میں ہر بچّے سے انفرادی طور پر ضرور پوچھیے کہ یہ کیا ہے۔ اُن کی باتوں کو غور سے سننا اور اُن پر تاثرات کا اظہار کرنا انھیں اعتماد بخشتا ہے۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۳۷ کروایئے۔
- گتّے کی عینک بنوا کر اس میں رنگ بھروایئے، بچّے اپنی تیار کی ہوئی عینکیں گھر لے جائیں۔
- کاپی میں لکھ کر دیا گیا 'ع' کالم میں درست طریقے سے لکھوایئے۔ حاشیے میں تصاویر بھی بنوائی جا سکتی ہیں۔




- 'غ' کا تعارف کرواتے ہوئے اس کا ذخیرۂ الفاظ دیجیے (غبّارے، غالیچہ، غائب، غصّہ، غرارا...... تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل، صفحہ ۲۷ دیکھیے)
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- 'غ' کا اعادہ کروایئے۔
- 'غ' بورڈ پر لکھیے اور 'گلاب' کے صفحہ ۷۵ میں کام کروایئے۔
- زبانی ہدایت دُہراتے ہوئے کام کروایئے۔ سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- غبّارے (ایک دن پہلے بچّوں سے منگوایئے یا خود مہیا کیجیے) پھلوایئے۔ پھولے ہوئے غبّاروں پر مارکر سے 'غ' لکھ کر جماعت میں لٹکایئے۔ بچّے گھر بھی لے جا سکتے ہیں۔ صحیح اور غلط کے نشانات (✓ ×) بنانا سکھایئے۔ غ ۔ غلط
- ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کے بعد کاپی میں کام کروایئے۔ 'غ' کی چیزوں کی تصاویر بھی بنوایئے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۸ گھر کے کام میں دیجیے۔

## صفحہ ۷۶

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- تصاویر بغور دیکھ کر سمجھ سکیں۔
- درست کاموں کی پہچان کر سکیں اور اُن کی تصاویر پر دائرہ بنا سکیں۔
- اپنی حفاظت اور صفائی کے بارے میں جان سکیں اور عمل کر سکیں۔

### مددگار مواد

- گلاب صفحہ ۷۶
- رنگین پنسل

### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو صفحہ ۷۶ کھول کر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- پہلی دو تصاویر کے بارے میں پوچھیے اور بتائیے کہ کون سا کام درست اور کون سا غلط ہے۔ دائرے کی مثال پر توجّہ دلائیے۔
- دوسری دو تصاویر کے بارے میں بھی اسی طرح گفتگو کیجیے اور پہچان کروائیے (بچّہ سڑک پر بھاگنے والی تصویر غلط ہے اس پر دائرہ بنے گا)
- تیسری دو تصاویر کے بارے میں بھی گفتگو کیجیے۔ ناک میں انگلی ڈالنا بُری بات ہوتی ہے۔ اپنی ناک پانی یا رومال سے صاف کرنی چاہیے۔ (ناک میں انگلی ڈالے بچّے کی تصویر غلط ہے اس پر دائرہ بنوائیے)
- اسی طرح کے مزید کاموں مثلاً گرم چیزوں، بجلی کی چیزوں گندا رہنے وغیرہ کے بارے میں بات چیت کیجیے۔



## تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- رنگوں کی پہچان اور ناموں کا اعادہ کرسکیں۔ دی گئی تصویر میں ہدایت کے مطابق رنگ بھر سکیں۔
- 'ف' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔
- 'ف' کی آواز کا تعارف اور ذخیرۂ الفاظ زبانی سیکھ سکیں۔
- معاون کتاب 'غبّارے' سے 'فاختہ اور چیونٹی' کی کہانی سن کر سمجھ سکیں۔ (تجویز)
- کہانی دہرا سکیں اور سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- کہانی کا ڈراما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حرف 'ف' اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، بصری الفاظ، رنگوں کے نام لال، پیلا، نیلا)
- تختۂ تحریر، تختۂ تحریر، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون / پنسلیں، کٹ آؤٹس، فاختہ، چیونٹی اور شکاری کے گتّے کے بنے ماسک۔
- گلاب صفحہ ۷۷ تا ۷۹

## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۹
- معاون کتاب 'غبّارے' کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' صفحہ ۴۱ تا ۴۶


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے رنگوں کے ناموں کی پڑھائی کروائیے اور رنگوں کی پہچان کا اعادہ کروائیے۔
- صفحہ ۷۷ کی تصویر غور سے دیکھنے کا وقت دیجیے اس کے بارے میں گفتگو کیجیے۔
- صفحے کے اوپر بنے icon اور تصویروں کی مدد سے اُن کے سامنے دیے گئے رنگ ہی بڑی تصویر میں بھروائیے۔ سورج میں پیلا، پھول میں لال، پانی میں نیلا
- گلاب صفحہ ۷۸ پر 'ف' کی نمونہ لکھائی کروائیے۔
- 'ف' کا تعارف کروائیے، ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (ف ۔ فرش، فوجی...... تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل، صفحہ ۲۸ دیکھیے)

- تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' سے کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' سنائیے۔

سوالات کیجیے ، اس کہانی میں کون کون تھا؟ کیا ہوا تھا؟ پھر کیا ہوا تھا؟ فاختہ نے چیونٹی کی مدد کیسے کی تھی؟ شکاری کیا کرنا چاہ رہا تھا؟ چیونٹی نے چیونٹی کی مدد کیسے کی تھی؟ شکاری کیا کرنا چاہ رہا تھا؟ چیونٹی نے اسے کیوں کاٹا؟ فاختہ نے چیونٹی کا شکریہ کیوں ادا کیا؟ کیا آپ نے کبھی کسی کا شکریہ دا کیا ہے ، آج ضرور جا کر اپنی امّی ، ابّو ، بہن اور بھائیوں کا شکریہ ادا کیجیے کیونکہ وہ سب آپ کے بہت سے کام کرتے ہیں شکریہ ادا کرنا اپنی عادت بنا لیجیے۔

- اس کہانی کو ڈرامے کی طرح بچّوں کو کردار بنا کر کروائیے ہو سکے تو گتّے کے ماسک بنا کر دیجیے جو منھ پر لگا کر بچّے ، فاختہ چیونٹی اور شکاری بن سکیں۔
- تجویز: کتاب ہاتھ میں لے کر کہانی 'غبّارے' دہرائیے۔ جو بچّے پڑھ سکتے ہوں ، ان سے پڑھوائیے۔
- پہلے کیا ہوا؟ پھر کیا ہوا...... ان سوالات کی مدد سے کہانی کی ترتیب ، واضح کیجیے۔
- 'ف' کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا حرف 'ف' لکھیے (بچّوں کے قد کے مطابق نیچے لکھیے ، انفرادی طور پر ہر بچّے سے بورڈ پر لکھے گئے حروف 'ف' پر چاک پھروائیے)۔
- بورڈ پر مشق کے بعد گلاب صفحہ ۷۹ میں بڑے حرف میں پانچ بار لکھوانے کے بعد نیچے کے حرف میں لکھوائیے۔ زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۹ میں کام کروائیے (کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔) یا / اور کاپی میں خوش خطی کروائیے۔
- فوارے کا کٹ آؤٹ بنوا کر بچّوں سے رنگ بھروائیے۔



## چوتھا ہفتہ


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ف' کی مزید مشق کرسکیں۔
- 'ق' کی آواز کی پہچان کرسکیں۔
- 'ق' بنانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر، حرف 'ق' اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، بصری الفاظ، ذخیرۂ الفاظ: قلفی، قائدِ اعظم، قمیص، قینچی، قالین)
- تختۂ تحریر، تختۂ تحریر، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- اصلی اشیا کی ٹوکری (قینچی، قلم، قاعدہ، قائداعظم کی تصویر، قلفی کی تصویر)
- 'ق' گتّے کا کٹ آؤٹ
- کاپی میں کام 'ق' کی خوش خط لکھائی
- گلاب صفحہ ۸۰




## تجویز کردہ معاون کتب

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۰

## طریقۂ کار

- ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی کروائیے۔
- سیکھے گئے حروفِ تہجّی کا فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروائیے۔
- ف کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔ آواز کی مشق کا اعادہ کروائیے۔
- ق حرف کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ بتائیے، (قاری، قرآن، قاعدہ، قیمہ، قینچی، قلفی، قالین)
  تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۲۹ دیکھیے۔
  اصلی اشیا کی ٹوکری سے چیزیں دکھائیے۔
- بورڈ، ہوا، میز پر 'ق' بنوائیے۔

- بورڈ ، ہوا ، میز پر 'ق' بنوایئے۔
- گتّے کا کٹ آؤٹ 'ق' (قلفی/قمیص) بنوایئے۔ رنگ بھروا کر انھیں گھر لے جانے دیجیے۔
- گلاب صفحہ ۸۰ کا کام بورڈ پر سمجھا کر درست طریقے سے کروایئے۔ زبانی ہدایت دُہراتے ہوئے کام کروایئے۔
- سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروایئے اور خاکوں میں رنگ بھروایئے۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۴۰ کا کام کروایئے۔
- بچّوں سے پوچھیے 'ق' سے کون سی چیزوں کے نام آتے ہیں؟ کاپی میں خوش خطی کا کام کروایئے۔



# کہانی: مجھے چاہیے

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ


- مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، دُہرانے ، واقعات کی ترتیب جاننے ، مرکزی خیال ، کرداروں اور مناظر کی پہچان کی نشوونما کے ساتھ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (کہانی 'مجھے چاہیے' کا ذخیرۂ الفاظ)
- گلاب صفحہ ۸۱، ۸۲۔ ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۰
- بلّیوں کے ماسک ، بلّیوں کا کھانا اور برتن ، چیل کا ماسک۔

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروانے کے بعد گلاب کے صفحہ ۸۱ اور ۸۲ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۲۰ سے کہانی 'مجھے چاہیے' تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیے۔ خیال رکھیے کہ کہانی کا ہر حصّہ صفحہ ۸۱ ، ۸۲ پر موجود تصویروں کے مطابق ہی سنایا جائے۔
- کہانی سنانے کے بعد زبانی سوالات کیجیے۔
- صفحہ ۸۲ کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمی کروایئے۔




# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- بصری ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کرسکیں۔
- حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ک اور گ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ک اور گ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے بصری الفاظ، حروفِ تہجّی 'ک، گ' اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: کوّا، کرسی، کنگھا، کاغذ، کشتی)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا (کنگھا، کاغذ، کتاب، گیند، گڑیا، گاڑی) تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- رنگین کاغذ کشتی بنانے کے لیے
- گلاب صفحہ ۸۳، ۸۴


## تجویز کردہ معاون کتب



- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۰، ۳۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۱، ۴۲

## طریقۂ کار

- نئے حرف 'ک' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ (کتاب، کاغذ، کنگھا، کُرتا، کتّا، کالا، کوٹ، کڑاہی، کچّا، کونا)
- تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۰ دیکھیے۔
- 'ک' سے شروع ہونے والی کچھ چیزیں ایک گوشے میں نام لکھ کر سجا دیجیے۔ کنگھا، کتاب، کاغذ، کوّے اور کبوتر کی تصویر۔
- فلیش کارڈز پڑھوائیے۔ تمام حروف کا اعادہ بورڈ پر لکھ کر کیجیے۔
- حرف 'ک' کی بناوٹ سمجھائیے۔ ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- 'ک' بنانا سکھائیے۔ 'گلاب' کے صفحہ ۸۳ کے نیچے لکھی گئی زبانی ہدایت دُہرائیے۔
- سرگرمی: سرگرمی کا کام بورڈ پر لکھ کر اور الگ سے سمجھا کر اور فلیش کارڈز دِکھا کر کروائیے بننے والے جملے پڑھوائیے۔
- کاغذ کی کشتی بنوائیے اور اس میں رنگ بھروائیے اور جماعت میں سجوائیے۔



# یونٹ نمبر ۵



- 'ک' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔
- گلاب صفحہ ۸۳ بورڈ پر بنا کر کام کرنے کا طریقہ سمجھایئے۔ درست طریقے سے شروع کروایئے۔ پہلے '' بنوایئے پھر اس پر مرکز  لگوایئے۔





- زبانی ہدایت دے کر عمل کروایئے۔

نوٹ: زبانی ہدایت: پہلے الف بنائیں  پھر ب کی طرح بنائیں  پھر اس کا مرکز  اس سے ملائیں۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۱ پر کام کروایئے۔ اور / یا کاپی میں کام کروایئے۔ دھیان رکھیے کہ بچّے ایک ہی بار میں 'ک' نہ بنائیں بلکہ الف بنا کر 'ب' کی طرح بنائیں اور پھر اس کا مرکز باقی حروف سے ملائیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی فلیش کارڈز کے ذریعے کروایئے اور سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- نئے حرف 'گ' کی آواز سکھایئے۔ ذخیرۂ الفاظ بتایئے۔ گلاب، گیند، گاڑی، گتّا......۔


  تجویز: مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل) صفحہ ۳۱ دیکھیے۔
- بورڈ پر بڑا لکھ کر دکھایئے لکھتے وقت زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔
- زبانی ہدایت پر عمل کروایئے۔
- سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- تجاویز پر عمل کروایئے۔
- گلاب کا صفحہ ۸۴ کا کام کروایئے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۲ کا کام کروایئے۔




- گاڑی کے کٹ آؤٹ میں بچّوں سے رنگ بھروایئے اور ان کے گھر بھجوایئے۔

## صفحہ ۸۵

- فلیش کارڈز کے ذریعے بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- سکھائے گئے الفاظ کو جملوں کی شکل میں پڑھوایئے۔ بچّوں کو ہاتھ میں فلیش کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔





- صفحے کو بغور دیکھنے اور الفاظ پڑھنے کی کوشش کرنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- صفحے پر دیے گئے الفاظ کی دُہرائی کروایئے۔
- صفحے پر دیے گئے جملوں سے تصاویر کو ملانے کا کام بورڈ پر ایک مثال دے کر سمجھا کر کروایئے۔
- بچّوں پر انفرادی توجّہ دے کر یہ کام کروایئے۔

## چھٹا ہفتہ

## صفحہ ۸۶

- فلیش کارڈز کے ذریعے حروفِ تہجی 'ف تا گ' کا اعادہ کروانے کے بعد یہ ترتیب وار لکھائی کروایئے۔ طلبہ و طالبات سے دیے گئے dotted حروف پر پنسل پھروایئے۔ دھیان رکھیے کہ بچّے شروع کے نقطے سے ہی حرف لکھنا شروع کر رہے ہوں۔ ساتھ ساتھ حروف کی پہچان کے لیے حروف پڑھواتے بھی رہیے۔



# صفحہ ۸۷ تا ۸۸

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کی پہچان اور لکھائی کی جانچ کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروفِ تہجّی ب سے گ تک برائے اعادہ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں
- گلاب صفحہ ۸۷، ۸۸
- کاپی
- اپنے ریکارڈ کے لیے نوٹ بک


## طریقۂ کار

- حروفِ تہجّی اور اُن سے متعلقہ تصاویر کے فلیش کارڈز دکھا کر اعادہ کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر گلاب کا صفحہ ۸۷ بنائیے۔
- مثال کے ایک حرف پر دائرہ بنائیے۔
- بچّوں کو تمام چیزوں کے نام اُردو میں بتائیے۔
- انفرادی طور پر کام کرنے دیجیے۔
- جن بچّوں کو دشواری ہو اُن کے نام اپنے پاس نوٹ کیجیے تاکہ آئندہ کی تدریس میں مدد کرسکیں۔
- دائرہ بنانے کا کام بچّے جلد کر لیتے ہیں، رنگ بھروائیے۔
- گلاب کے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے تمام حروفِ تہجّی کی آوازیں اور اُن سے شروع ہونے والی تصاویر کا اعادہ کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۸۸ تختۂ تحریر (بورڈ) پر بنائیے۔
- ایک مثال خود دیجیے۔
- انفرادی نگرانی میں کام کروائیے۔
- ہر بچّے کے معیار کا جائزہ لیجیے اور نوٹ کیجیے۔ کہ کن بچّوں پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ گلاب کے فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروائیے۔

- تختۂ تحریر (بورڈ) پر حروفِ تہجّی خاندان اور جوڑوں کی وضاحت کے ساتھ لکھیے۔

| | |
|---|---|
| 'ب' کا خاندان | ب ، پ ، ت ، ٹ ، ث |
| 'ج' کا خاندان | ج ، چ ، ح ، خ |
| 'د' اور 'ر' کا خاندان | د ، ڈ ، ذ ـ ر ، ڑ ، ز ، ژ |
| جوڑے: | س ش ـ ص ض ـ ط ظ ـ ع غ ـ ف ق ـ ک گ |

- بچّوں سے کاپی میں نقل کروائیے۔
- ایک چھوٹا کتابچہ بنایئے جس میں بچّے حروفِ تہجّی (ع غ ف ق ک گ) اور اُن سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر بنائیں۔
- بچّوں کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام معلّم / معلّمہ (ٹیچر) پوچھ کر لکھ دیں۔




## صفحہ ۸۹

- صفحے کے زیریں حاشیے میں دیا گیا طریقۂ کار پڑھیے اور اس کے مطابق چند دن پہلے یہ فلیش کارڈز پڑھاتے رہنے سے لکھے گئے جملے پڑھوانے کے بعد درست جملے تصاویر سے ملانے کا کام کروائیے۔
- انفرادی توجّہ دیجیے۔

# یونٹ ۶

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اِس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج و نشوونما کرسکیں۔
فہم : سکھائی گئی آوازوں سے تعلق رکھنے والے حروف اور خاکوں کو پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔ کہانی ''آؤ کھیلیں'' اور نظم ''میرے کھلونے'' کا مرکزی خیال سمجھ سکیں۔ کرداروں اور منظر کی پہچان کرسکیں۔ یونٹ کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔
پڑھنا : صوتیات۔ 'ل ، م ، ن اور ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ کا زبانی ذخیرہ حاصل کرسکیں اور ان کی (الفاظ کے شروع میں آنے والی) آوازوں کی پہچان کرسکیں۔ ' ا ۔ و۔ ی۔ ے' کی الفاظ کے آخر میں آنے والی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
بصری پڑھائی : 'ا۔ و۔ ی۔ ے' بطور آخری آواز سکھائے جائیں گے تاکہ بچّے اگلی جماعت میں ان کا بطور مصوّتہ (vowel) استعمال سیکھ کر ارکان اور الفاظ سازی کرسکیں۔
لکھنا : 'ل ، م ، ن ، و ، ہ ، ی ، ے' کی دُرست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔ 'ا سے ے' تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی 'ا سے ے' تجویز: معاون کتاب 'غبّارے' کی کہانی 'فاختہ اور چیونٹی')
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، 'ل' سے 'ے' تک آوازیں سکھانے کے لیے حقیقی اشیا (مثلاً لیموں) تصاویر ، کھلونے ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۹۰ تا ۱۰۷

## تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۳ تا ۵۱
- کاپی میں تیار کیے گئے صفحات

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۶ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ل' کی پڑھائی کے لیے 'ل' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'ل' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ


- تیر کے نشان کی سمت میں لکھنے کی مہارت کو فروغ دے سکیں۔

## مددگار مواد


- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ٩٠

## طریقۂ کار

- تیر کا نشان تختۂ تحریر پر بنا کر دکھایئے۔
- بچّوں سے اس کے سمت میں ہوا میں ہاتھ ہلانے کی ہدایت دیجیے۔ پہلے بائیں سے دائیں، پھر بائیں سے دائیں، اُوپر سے نیچے، نیچے سے اُوپر کی مشق دُہرانے کے بعد صفحے پر بنی اشکال کے تیر بنا کر دِکھایئے اور ہوا میں ہاتھوں کے اشاروں سے اشکال بنوایئے۔ اسی طرح ریت اور سلیٹ پر بنا کر مشق کروانے کے بعد کتاب میں کام کروایئے۔ مدد اور رہنمائی کیجیے۔ اشکال پر پنسل پھروانے کے بعد درمیان میں رنگ بھروایئے۔



## صفحہ ۹۱ تا ۹۲




### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- لال رنگ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ل' کی آواز پہچان سکیں۔
- 'ل' لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب سے م' تک حروفِ تہجّی اور ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، لیموں، لال رنگ کی پنسلیں، تصاویر، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۹۱، ۹۲


### تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۳، ۴۴


### طریقۂ کار

- گلاب کا صفحہ ۹۱ بورڈ پر لکھیے اور پڑھوایئے۔ پابندی سے فلیش کارڈز پڑھوائے جانے کی صورت میں یہی صفحہ بچّے خود پڑھنے کے قابل ہوں گے۔
- کام کا طریقہ بورڈ پر ہی ایک مثال دے کر سمجھایئے۔
- انفرادی توجہ سے یہ جاننے کہ کون سے بچّے یہ کام نہیں کر پا رہے، تھوڑی مدد کیجیے، بالکل نہ کر سکنے والے بچّوں کو الگ سے فلیش کارڈز پڑھوا کر یہ کام کروایئے۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ متعارف کروایئے۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے (ان بچّوں پر خصوصی دیجیے جن کو کل کیے گئے کام میں مشکل ہوئی تھی)
- 'ل' کا فلیش کارڈ دکھایئے، آواز بتایئے اور ذخیرۂ الفاظ بتایئے۔ (لڑکی، لڑکا، لمبا، لیموں، لال، لال بیگ)
- گلاب کا صفحہ ۹۱ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھایئے۔ زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دُہراتے ہوئے کام کروایئے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر الگ سمجھا کر کروایئے۔

- تجاویز میں سے جو ممکن ہو وہ کام کروائیے۔ گرمی کا موسم ہونے کی صورت میں لیموں کا شربت بنا کر بھی پلایا جا سکتا ہے جو بچّوں کے سامنے ہی صفائی اور سلیقے سے بنایا گیا ہو۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۳ میں کام کروائیے۔
- لڑکے کی قمیص میں لال رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے۔
- فلیش کارڈز پڑھوائیے۔ 'ل' کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔
- 'ل' کی درست بناوٹ تختۂ تحریر پر سمجھا کر خوش خطی کا کام کروائیے۔
- اس دوران 'ل' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے رہیے۔ خوش خطی کرنے کے بعد بچّے کاپی میں حاشیے میں 'ل' سے شروع ہونے والی چیزیں بنائیں۔



- لٹّو کے کٹ آؤٹ میں بچّوں سے رنگ بھروا کر ان کے گھر بھجوائیے۔



## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- 'م' کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- اس سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
  نئے بصری الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی ب سے م اور 'م' سے شروع ہونے والی تصاویر، بصری الفاظ: نے، کہا، آؤ، دیکھو، شان، کھیلیں۔
  ذخیرۂ الفاظ: مسجد، مرغا، مچھلی، موزے، مگرمچھ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، 'م، ن' سے شروع ہونے والی حقیقی یا کھلونا اشیا (مچھلی، مکّھی، مینڈک) اور تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۹۲

## تجویز کردہ معاون کتب


- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۴، ۴۵ یا کاپی میں کام

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ نئے بصری الفاظ کا تعارف کروایئے۔
  'م' کا فلیش کارڈ دکھایئے، آواز بتایئے اور ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (مرغی، مرغا، مینڈک، مچھلی، مسجد، ماموں، ممانی، مور ......)

نوٹ: بچّوں کو 'م' کا ابتدائی حصّہ سیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ ریت، ہوا، میز پر بنوانے سے مشق ہوسکتی ہے۔

- گلاب کا صفحہ ۹۲ بورڈ پر بنا کر کام سمجھایئے۔ کام کے دوران ہدایت دُہراتے رہیے۔
- بچّوں سے انفرادی نگرانی میں کام کروایئے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- تجاویز پر عمل کروایئے۔ وقت اور وسائل کے لحاظ سے منتخب کیجیے۔
- تجویز: 'م' اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۴ پر کام کروایئے اور/ یا کاپی میں 'م' لکھوایئے۔




- مچھلی/مرغی کی کوئی نظم سنایئے اور بچّوں کے ساتھ پڑھیے۔
- مچھلی یا مرغی کے کٹ آؤٹ بنا کر بچّوں سے رنگ بھروایئے اور ان کے گھر بھجوایئے۔



# کہانی: آؤ کھیلیں

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ




- مشاہدے، سننے، سمجھنے، دُہرانے، واقعات کی ترتیب جاننے، مرکزی خیال، کرداروں اور مناظر کی پہچان کی پہچان کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔ بنیادی خیال مختلف gadgets مثلاً سیل فون، ٹیبلٹس، لیپ ٹاپس، ٹی وی اور اسی طرح کی مختلف اشیا کے ذریعے کھیل اور مختلف پروگراموں میں لگے رہنا نقصان دہ ہوتا ہے یہ جان سکیں۔
- گھر والوں اور دوستوں کے ساتھ مل جُل کر مختلف سرگرمیاں کرنا، کھیلنا بہت اہمیت رکھتا ہے، جان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۹۳، ۹۴۔ ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۰
- ڈرامے کے لیے درکار اشیا گیند، بلّا، کتاب اور سیل فون/ ٹیبلٹ

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔ (وہ الفاظ جو کہانی میں استعمال ہو رہے ہیں)
- بچّوں کو چاروں تصاویر باری باری دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۰ سے کہانی 'آؤ کھیلیں' پڑھ کر تاثرات سے سنایئے۔
- اسی صفحے پر دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔
- جماعت میں گروپ بنا کر باری باری یہ ڈراما کروایئے۔

# صفحہ ۹۵

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ن' کی آواز اور حرف پہچان سکیں۔
- 'ن' سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- 'ن' لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ن' کا تصویری ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، 'ن' سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا، مثلاً نارنگی، ناشپاتی، نارنجی رنگ کی اشیا۔ ناشپاتی / ناریل کے کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۹۵

## تجویز کردہ معاون کتاب


- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۵ یا خوش خطی کی کاپی

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- 'ن' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔
- گفتگو کیجیے کہ 'ن' سے لفظ ناراض ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کن باتوں سے ناراض ہوتے ہیں۔ اگر ماں باپ ناراض ہوں تو اللہ بھی ناراض ہوجاتے ہیں۔ جھوٹ بولنے سے، گندا رہنے سے اور کسی کو تنگ کرنے یا نقصان پہنچانے سے بھی اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔
- سکھائے گئے حروف دہراتے ہوئے نئے حرف 'ن' کی پہچان کروایئے۔

  ذخیرۂ الفاظ بتایئے (نمک، نانا، نانی، ننھّا، ناراض، نل، ناشتا، ناخن، نان......)
- بورڈ پر بڑا لکھ کر دکھایئے۔ کہیے کہ 'ن' ناراض ہو گا اگر کسی نے اس کا نقطہ نہ لگایا۔
- بچّے ہوا اور میز پر انگلی سے لکھیں۔
- گلاب کا صفحہ ۹۵ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھایئے اور صفحہ ۹۵ کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت کام کے دوران دُہراتے رہیے۔ نیچے کے حصّے میں دی گئی سرگرمی کا کام الگ سے تختۂ تحریر پر سمجھا کر 'ن' پر دائرے بنوایئے۔

- کاپی میں کام کروایئے۔ (لائن سے اوپر نیچے رکھنے کا خیال رکھیے)
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۵ پر کام کروایئے۔
- ناشپاتی / نارنگی کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروایئے اور گھر بھجوایئے۔



## تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ن' کی مزید مشق کرسکیں۔
- 'ہ' کی آواز اور اس سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کی پہچان اور لکھائی کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- 'ہ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔
- 'نظم' کی چاشنی سے لطف اندوز ہوسکیں۔
- نظم کے ذریعے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (ن ، ہ اور اس سے متعلقہ تصویری ذخیرۂ الفاظ ، بصری الفاظ 'ہ' کا ذخیرۂ الفاظ: ہیلی کاپٹر ، ہاتھ ، ہاتھی ، ہار)
- گلاب ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۷۹ نظم: میرے کھلونے
- گلاب صفحہ ۹۶، ۹۷

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۷۴ یا کاپی میں کام

## طریقۂ کار


- 'ہ' کا فلیش کارڈ دکھایئے ، آواز بتایئے اور ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- 'ہ' کا ذخیرۂ الفاظ بتایئے اور پوچھیے (ہاتھ ، ہاتھی ، ہرن ، ہار ، ہتھوڑا ، ہوٹل ، ہیلی کاپٹر) ہتھیلی (کیا ہوتی ہے اپنا ہاتھ دکھا کر بتایئے)
- بورڈ پر بڑا 'ہ' لکھ کر دکھایئے زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔
- بچّوں سے کہیے کہ کاغذ پر اپنا ہاتھ رکھیں اور دوسرے ہاتھ سے پنسل سے ٹریس کریں۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر 'ہ' لکھوایئے۔



- فلیش کارڈز کے ذریعے حروفِ تہجّی اور ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'ہ' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ ۹۶ بورڈ پر بنا کر سمجھا کر کام کروائیے۔ کام کے دوران صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔ سرگرمی کا کام الگ سے بورڈ پر سمجھا کر کروائیے۔ ہرے رنگ کا تعارف کرواتے ہوئے 'ہ' کے خانوں میں ہرا رنگ بھروائیے۔ لکھی گئی تجویز پر عمل کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۷ میں کام کروائیے۔ (یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے)
- کاپی میں کام کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحہ ۹۷ ہوبہو بنا کر دکھائیے۔
- بچّوں کو صفحے کے پہلے حصّے کو پھر دیکھنے کا موقع دیجیے۔ چیزوں کی تصویروں کے نام بتائیے۔ نلکا ، لال بیگ ، ہیلی کاپٹر ، مُرغا۔
- ایک مثال ملا کر دکھائیے۔ بچّوں سے کتاب میں کام کروائیے۔
- صفحے کے نیچے کے حصّے کا کام الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- تصویری خاکوں کے نام بتائیے۔ ناخن ، مچھلی ، لٹّو ، ہاتھی۔
- خالی جگہوں پر شروع کی آوازوں کے حروف لکھوائیے۔


# نظم: میرے کھلونے

- گلاب کا صفحہ ۹۸ کھلوا کر دیکھنے کا وقت دیجیے۔ 'رہنما ہدایات برائے اساتذہ' صفحہ ۱۲۱ سے نظم پڑھ کر سنائیے۔ بچّوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔
- صفحہ ۹۹ پر ان کے کھلونوں کی تصاویر بنوائیے۔
- بچّوں سے کہیے کہ کھلونے ٹوٹے ہوئے اور سستے بھی ہو سکتے ہیں اور بہت مہنگے بھی لیکن ہم کسی بھی چیز کا کھلونا بنا کر کھیل سکتے ہیں، مثلاً مٹّی سے چھوٹے کھلونے بنانا، ٹوٹی ہوئی چیزوں کو جوڑ کر کھلونے بنانا، کپڑے یا گتّے کی گڑیاں، گیند اور دوسرے کھلونے بنانا، لکڑی کے ٹکڑوں، آئس کریم اسٹک سے کھلونے بنانا۔
- اگر ممکن ہو تو سستے سے کھلونے جماعت میں بنوائیے۔


دیکھیے سنیے

میرے کھلونے

کتنے ہیں پیارے میرے کھلونے
کتنے ہیں سارے میرے کھلونے



## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- آخر کی آواز کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- مصوّتوں 'ا و ی ے' کو بطور آخری آواز سکھانے کے لیے تیار ہوسکیں۔

## مددگار مواد

- جماعت اور ماحول میں موجود اشیا
- گلاب صفحہ ۱۰۰

## طریقۂ کار

- جماعت میں موجود اشیا کے نام لیجیے۔ مثلاً میز، پنسل، کتاب۔ ان الفاظ کے آخر کی آواز پوچھیے اور بتائیے۔ بچّوں کے ناموں مثلاً ماہم، مناہل، حامد کے آخر کی آواز پوچھیے اور بتائیے۔
- صفحے پر موجود تصاویر کے نام خود پڑھ کر سنائیے اور ناموں کے آخر کی آوازوں کے حروف پر دائرہ بنوائیے۔




## صفحہ ۱۰۱

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'ا' بطور مصوّتہ (Vowel) سیکھ سکیں۔
- 'ا' کی لکھائی کرسکیں۔





### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور حروفِ تہجّی)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- گلاب صفحہ ۱۰۱
- کاپی/ اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ اوّل میں کام (تجویز)

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کا اعادہ کروائیے۔
- مصوّتوں کا تعارف
- الفاظ کے آخر کی آوازوں کا اعادہ کرواتے ہوئے 'ا' کا تعارف کروائیے اس کی آواز 'ا' ہے اور جب یہ کسی حروف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے۔



- ذخیرۂ الفاظ دیجیے (تارا، باجا، مالا، تالا، کالا، چاچا، چارا، کاٹا، مارا......)
- گلاب کا صفحہ ۱۰۱ بورڈ پر بنائیے۔ بچّوں سے درست طریقے سے کام کروائیے۔ زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔
- 'ا' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- تصاویر کے ساتھ فلیش کارڈز دکھائیے۔
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں 'ا' لکھوائیے۔




نوٹ: الف کی بطور مصمتہ آواز اَنار، امّی کے شروع میں آتی ہے اور بطور مصوّتہ لمبی ہوتی ہے جیسے بابا، اس درجے میں صرف بطور مصوتہ سکھائیے بچّوں کو سمجھانے کے لیے بتائیے کہ الف آخر میں آتا ہے تو لمبی جیسے 'با' اس آواز کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں۔ آواز لمبی کرنے کی سرگرمی بھی کروائیے۔ بولیے باااا......


- 'الف' کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھجوائیے۔

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- تمام سیکھی گئی آوازوں/ حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- 'و' اور 'ی' کی بطور مصوّتہ آواز سیکھ سکیں۔
- 'و' اور 'ی' کی لکھائی کرسکیں۔



## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی ،'و' اور'ی')
- تختۂ تحریر ،تختۂ نرم اور تعارفی اشیا
- گلاب صفحہ ۱۰۲ ، ۱۰۳

## تجویز کردہ معاون کتاب

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۶ ، ۴۸ اور/ یا خوش خطی کی کاپی

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے 'ا سے ہ' تک ترتیب وار پڑھائی کروائیے۔

تختۂ تحریر پر 'و' لکھ کر اس کی بطور مصوّتہ آواز بتائیے کہ یہ 'واؤ' ہے اس کی آواز بولو، تولو، سوچو کے آخر میں آنے والی آواز ہے۔

ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ سوچو، ٹوکو، لوگو، موڑو، جوڑو، توڑو۔


نوٹ: 'و' کی بطور مصمّتہ آواز ورق، وضو کے شروع میں آتی ہے۔ اس درجے میں 'و' کی آواز بطور مصوّتہ سکھائیے، بتائیے کہ اسے جتنا چاہے کھینچ سکتے ہیں آواز لمبی کرنے کی سرگرمی بھی کروائیے۔ بولیے بو و و و۔

- ریت، ہوا، تختۂ تحریر پر 'و' بنانا سکھائیے۔


نوٹ: بتائیے کہ 'و' کا اوپر کا حصّہ 'ق' اور 'ف' کی طرح بنایا جاتا ہے، اور نچلا حصّہ 'ر' کی طرح ہوتا ہے لائن پر بٹھایئے و۔

- فلیش کارڈز 'ا سے ہ' تک ترتیب وار پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'و' لکھ کر اس کی بطور مصوّتہ آواز کا اعادہ کیجیے۔
- گلاب کا صفحہ بورڈ پر بنائیے۔ بچّوں سے درست طریقے سے کام کروائیے۔ سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۴۶ پر کام کروائیے۔ اور/ یا پہلے سے تیار کاپی میں 'و' لکھوائیے۔
- 'ی' بطور مصوّتہ متعارف کروائیے۔
- 'و' کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیں اور گھر بھجوائیں۔

- صفحہ ۱۰۳ 'ی' کی بطور مصوّتہ آواز سکھائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ باجی ، باسی ، تازی ، روٹی ، موٹی ، کوٹی ، موتی۔
- فلیش کارڈز دکھائیے۔





نوٹ: 'ی' کی بطور مصمّتہ آواز وہ ہے جو 'یکّے' کے شروع میں آتی ہے اس درجے میں 'ی' کی بطور مصوتہ آواز ہی سکھائیے۔
'ی' کی بطور مصوّتہ آواز وہ ہے ، جو گاڑی 'موتی' کے آخر میں آتی ہے۔ اس آواز کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں۔سرگرمی کروائیے۔ ای ی ی ی ......




- فلیش کارڈز سے 'ا سے ی' تک پڑھائی کروائیے۔
- 'ی' کی درست لکھائی کے لیے ہوا ، بورڈ پر ضرور لکھوائیے۔
- 'گلاب' کا صفحہ ۱۰۳ بورڈ پر بنائیے۔ بچّوں سے درست طریقے سے کام کروائیے۔
- مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۸ گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔ اور/ یا 'ی' کی مشق پہلے سے تیار شدہ کاپی میں کام کروائیے۔

'ی' کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیں اور بچّوں کے گھر بھجوائیں۔




## چھٹا ہفتہ

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ
- فلیش کارڈز سے پڑھ سکیں۔
- 'ی' کی مشق کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ے' کی آواز بطور مصوّتہ بتا سکیں۔
- 'ے' کی لکھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی) 'الف تا ے'
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- 'ے' کے تعارف کے لیے فلیش کارڈز اور ذخیرۂ الفاظ۔
- گلاب صفحہ ۱۰۴




### تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی (حصّہ اوّل) صفحہ ۵۰، ۵۱
- معاون کتاب 'غبّارے'

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ترتیب وار حروفِ تہجّی پڑھائیے۔
- 'ی' کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔
- 'ے' کی بطور مصوّتہ آواز جو 'تالے' کے آخر میں آتی ہے۔ سکھائیے اس آواز کو بھی جتنا چاہیں کھینچا جاسکتا ہے۔
سرگرمی کروائیے، بولیے اے ے ے ے
- ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (تارے، جاگے، مارے، سوتے، روتے، ہولے، ہوتے)
- فلیش کارڈز دکھائیے۔




نوٹ: 'ی' کی طرح 'ے' کی بطور مصمّتہ آواز وہی ہے جو یکّے کے شروع میں آتی ہے لیکن یہاں الفاظ کے آخر میں آنے والی 'اے' کی آواز سکھائی جائے گی۔

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجّی 'ا سے ے' درست ترتیب سے پڑھائیے۔
- 'ے' کی بطور مصوّتہ آواز کا اعادہ کیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔
- 'ے' کی درست لکھائی کے لیے ہوا میں اور تختۂ تحریر پر ضرور لکھوایئے۔
- فلیش کارڈز سے 'ا سے ے' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔
- گلاب کا صفحہ ۱۰۴ بورڈ پر بنا کر درست طریقے سے کام کروایئے۔ زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔ سرگرمی کا کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- 'ے' کی مزید مشق اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ اوّل) صفحہ ۴۹ میں کروایئے یا گھر کے لیے دیجیے۔ اور/ یا 'ے' کی مشق کاپی میں کروایئے۔
- فلیش کارڈز اور بورڈ کے ذریعے 'ا سے ے' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔
- 'گلاب' کا صفحہ ۱۰۶ اور ۱۰۷ سمجھا کر کروایئے۔ ایک دن نقطے والے حروف پر پنسل پھروایئے اور دوسرے دن دی گئی لائنوں پر (صفحہ ۱۰۷ پر) لکھوایئے۔
- تجویز: مزید مشق خوش خطی حصّہ اوّل، صفحہ ۵۰ ، ۵۱ پر کروایئے۔ اور/ یا کاپی میں 'ا سے ے' تک درست طریقے سے لکھوایئے۔
- تجویز: کتاب 'غبّارے' کا پورا جائزہ بچّوں کے ساتھ لیجیے یاد کروایئے۔ کون کون سی کہانیاں پڑھی تھیں کیسی لگیں؟ کتاب کے صفحہ ۴۸ اور ۴۹ کروایئے۔
- مشاہداتی رپورٹ برائے معلّم/معلّمہ میں اپنے مشاہدے کا اندراج کیجیے۔
- 'ے' کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیں اور گھر بھجوائیں۔

## صفحہ ۱۰۵ تا ۱۰۷

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- حروفِ تہجّی کی ترتیب وار لکھائی اور پہچان کرسکیں۔


### مددگار مواد


- گلاب صفحہ ۱۰۵


### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کے ساتھ مل کر تمام حروفِ تہجّی کے نام آوازوں اور اُن سے شروع ہونے والے الفاظ / ناموں کا اعادہ کیجیے۔ ('ڑ' پر ختم ہونے والے الفاظ کا اعادہ کروایئے)
- گلاب صفحہ ۱۰۶ پر دیے گئے حروفِ تہجّی پڑھواتے ہوئے پنسل پھروایئے۔ توجّہ دیجیے کہ بچّے شروع کے نقطے ہی سے لکھنا شروع کر رہے ہوں۔
- گلاب صفحہ ۱۰۷ پر کام کروایئے تختۂ تحریر پر درست لکھ کر اعادہ کروایئے۔ بچّوں سے (آپ جب تختۂ تحریر پر لکھ رہے ہوں) ہوا میں ساتھ ساتھ یہ حروف بناتے رہنے کی ہدایت دیجیے۔ 'گلاب' کے صفحے پر ایک انگلی کے فاصلے سے حروف لکھنے کی مشق کروایئے۔ لائن سے اوپر نیچے لکھنے کی طرف بھی دھیان دِلاتے رہیے۔ ابھی وہ سیکھ ہی رہے ہیں۔ لکھائی میں پختگی عمر بڑھنے کے ساتھ بڑھے گی ان شاءاللہ۔
- تجویز: مزید مشق خوش خطی (حصّہ اوّل) صفحہ ۵۰ اور ۵۱ پر کروایئے اور/ یا کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک درست طریقے سے لکھوایئے۔


گتّے کے تراشوں کے خاکے












بچوں کے کام کے نمونے







ق
قالین




ق
قالین

کہانی دعوت
گھاس
بلی کا گھر
کھانا

گھاس
کھانا
دروازہ